آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 23 اگست 2020ء بمطابق 03 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 228

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر صبح	04:15
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	07:27

بے احتیاطی کی گئی تو کورونا وائرس شدت اختیار کرسکتی ہے

ترجمان حکومت بلوچستان

محرم الحرام کے دوران سیکورٹی کے ساتھ ایس او پیز پر عملدرآمد اہم معاملہ ہے، صوبائی محکمہ داخلہ کی جانب سے صوبے کے 17 اضلاع حساس جبکہ کوئٹہ، نصیر آباد، سبی، جعفر آباد انتہائی حساس قرار دیئے گئے ہیں

مجالس سے قبل اور بعد میں امام بارگاہوں کو ڈس انفیکٹ کیا جائے گا بلکہ تمام داخلی مقامات پر ہیلتھ ڈیسک قائم کئے جارہے ہیں، تعلیمی اداروں کے کھولنے سے متعلق حتمی فیصلہ 7 ستمبر کو ہوگا

کورونا کے کیسز بڑھے تو والدین اور بچوں کی زندگیاں خطرے میں نہیں ڈال سکتے، صرف لائسنس یافتہ ذاکرین اور علماء مجالس سے خطاب کرسکتے ہیں، ترجمان بلوچستان حکومت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان حکومت کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ بے احتیاطی کی گئی تو کورونا وائرس شدت اختیار کرسکتی ہے محرم الحرام کے دوران سیکورٹی کے ساتھ ایس او پیز پر عملدرآمد اہم معاملہ ہے، صوبائی محکمہ داخلہ کی جانب سے صوبے کے 17 اضلاع حساس جبکہ کوئٹہ، نصیر آباد، سبی، جعفر آباد انتہائی حساس قرار دیئے گئے ہیں، مجالس سے قبل اور بعد میں امام بارگاہوں کو ڈس انفیکٹ کیا جائے گا بلکہ تمام داخلی مقامات پر ہیلتھ ڈیسک قائم کئے جارہے ہیں، تعلیمی اداروں کے کھولنے سے متعلق حتمی فیصلہ 7 ستمبر کو ہوگا، کورونا کے کیسز بڑھے تو والدین اور بچوں کی زندگیاں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر



اسلام آباد وزیراعظم عمران خان سے ڈائریکٹر جنرل اسٹریٹجک پلانز ڈویژن لیفٹیننٹ جنرل ندیم ذکی منج ملاقات کررہے ہیں

وفاقی حکومت بلوچستان کو سوئی گیس آمدنی کا چالیس فیصد دینے پر راضی

محکمہ توانائی حکام کے مطابق بلوچستان حکومت اور پی پی ایل کے درمیان معاہدہ پانچ سال سے تعطل کا شکار تھا وفاقی حکومت بلوچستان کو سوئی گیس سے حاصل آمدنی کا چالیس فیصد دینے پر راضی ہوگئی

بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی کی سوئی گیس فیلڈ سے گیس نکالنے کیلئے پانچ سال سے تعطل کا شکار معاہدے میں پیش رفت، وفاقی حکومت بلوچستان کو سوئی گیس سے حاصل آمدنی کا چالیس فیصد دینے پر راضی ہوگئی

وفاقی حکومت بلوچستان کو سوئی گیس سے ہونے والی آمدنی کا چالیس فیصد دینے پر آمادہ ہوگئی ہے، آمدنی کا چالیس فیصد وفاقی حکومت کو اور بیس فیصد پی پی ایل کو ملے گا

کوئٹہ (آن لائن) سوئی گیس فیلڈ سے سوئی گیس نکالنے کے معاہدے میں پیش رفت، وفاقی حکومت بلوچستان کو سوئی گیس سے حاصل آمدنی کا چالیس فیصد دینے پر راضی ہوگئی۔ محکمہ توانائی حکام کے مطابق بلوچستان حکومت اور پی پی ایل کے درمیان معاہدہ پانچ سال سے تعطل کا شکار تھا وفاقی حکومت بلوچستان کو سوئی گیس سے حاصل آمدنی کا چالیس فیصد دینے پر راضی ہوگئی اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال کی منظوری کے بعد جلد معاہدہ طے پاجانے کا امکان ہے، نیا معاہدہ کے بعد بلوچستان کو بیس ارب روپے بھی مل جائیں گے مذکورہ رقم پانچ سال سے پی پی ایل پر واجب الادا تھی صوبے کو اس مد میں سالانہ پانچ سے چھ ارب روپے کی آمدنی بھی ہوگی۔ دریں اثناء بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی کی سوئی گیس فیلڈ سے گیس نکالنے کیلئے پانچ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

حیات بلوچ کے قتل پر 21 طالب علموں نے اپنی ڈگریاں چھوڑ دینے کا اعلان

تربت میں قتل ہونے والے طالب علم حیات مرزا کے قتل کے خلاف آج گوادر میں ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی

گوادر (آن لائن) حیات بلوچ کے ماروائے عدالت قتل کے خلاف ضلع گوادر کے 21 طالب علموں نے اپنی ڈگریاں چھوڑ دینے کا اعلان کردیا تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے شہر تربت میں ایف سی اہلکار کے ہاتھوں قتل ہونے والے کراچی یونیورسٹی کے طالب

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

مستونگ قومی شاہراہ پر کھڈ کوچہ کے مقام پر ٹریفک حادثہ دو افراد زخمی

مستونگ (این این آئی) مستونگ قومی شاہراہ پر کھڈ کوچہ کے مقام پر ٹریفک حادثہ دو افراد زخمی تفصیلات

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

مہنگائی کا جن بے قابو، شرح میں مزید صفر اعشاریہ 96 فیصد اضافہ ہوگیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) مہنگائی کا جن بے قابو، شرح میں مزید صفر اعشاریہ 96 فیصد اضافہ ہوگیا ہے، ادارہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

میر حاصل خان بزنجو کو بلوچستان کی سیاست میں ہمیشہ جمہوری سوچ اپنا کر ایک اہم رول ادا کیا، حاجی میر محمد ہاشم ایڈووکیٹ

واحد بزدار (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے ممبر و رکن قومی اسمبلی حاجی میر محمد ہاشم

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

خضدار میں گاڑی کی ٹکر سے طالب علم جاں بحق

خضدار (این این آئی) خضدار میں نویں جماعت کا طالب علم گاڑی لگنے سے جاں بحق، عمر 14 سال تھی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

سعودی سفیر نواب المالکی اور مذہبی قائدین مولانا فضل الرحمن، علامہ ساجد میر و دیگر کی ملاقات

لاہور (این این آئی) سعودی سفیر نواب المالکی نے مذہبی قائدین مولانا فضل الرحمن، علامہ

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

کراچی میں بارش، پاک فوج کی ٹیمیں انتظامیہ کے ساتھ ریسکیو کے کاموں میں مصروف

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں بارش کے بعد پاک فوج کی ٹیمیں انتظامیہ کے ساتھ ریسکیو کے کاموں

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ساہیوال، پرانا ٹول پلازہ ہڑپہ کے قریب ٹریلر اور ٹریکٹر ٹرالی میں ٹکر سے 3 خواتین جاں بحق، 25 افراد زخمی

ساہیوال (این این آئی) ساہیوال میں پرانا ٹول پلازہ ہڑپہ کے قریب ٹریلر اور ٹریکٹر ٹرالی میں ٹکر سے 3

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت آئندہ ہفتے نواز شریف کی وطن واپسی کیلئے کارروائی کا آغاز کریگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت آئندہ ہفتے نواز شریف کی وطن واپسی کیلئے کارروائی کا آغاز

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

نیب نے نواز شریف اور سلمان شہباز کو پاکستان لانے کا فیصلہ کرلیا

سابق وزیراعظم نواز شریف کی ضمانت ختم ہوچکی ہے، وہ مفرور ملزم و مجرم ہیں، نیب حکام

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو نے نواز شریف اور سلمان شہباز کو پاکستان لانے کا فیصلہ کرلیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق سابق وزیراعظم کو توشہ خانہ ریفرنس میں اشتہاری قرار دلوانے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے، نیب ذرائع کے مطابق العزیزیہ ریفرنس میں سزا پر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

میر حاصل خان بزنجو کہنہ مشق سیاستدان تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی عوام کی آواز بننے اور ان کی نمائندگی میں گزارے، صوبائی وزیر لیبر و مین پاور حاجی محمد خان لہڑی

خضدار (نامہ نگار) صوبائی وزیر لیبر و مین پاور حاجی محمد خان لہڑی، وزیر علی محمد سرپرہ، ایکسین ایریگیشن نور الائی فرید احمد چدرانی نے آج ہال جاکر سینیٹر سیاستدان میر حاصل خان بزنجو کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم میر حاصل بزنجو کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور ان کے پسماندگان کو

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

لاہور وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد ریلوے ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

وزیراعظم ہاؤس اصل مقصد کراچی کے عوام کے لئے کام کرنا ہے بجائے اسکے کہ کام کرنے کا سہرا کسی کے سر جاتا ہے، اسد عمر

ملک کا معاشی حب مسائل کی دلدل میں گھرا ہوا ہے، وزیراعظم عمران خان کی کراچی کے مسائل خصوصی توجہ ہے، علی زیدی

کراچی (این این آئی) کراچی ترقیاتی کوآرڈینیشن کمیٹی کے اراکین وفاقی وزراء اسد عمر اور علی زیدی نے تحریک انصاف کے اراکین قومی و صوبائی اسمبلی سے کراچی میں ملاقات کی اور کمیٹی کے اقدامات کے حوالے سے اسد عمر اور علی زیدی نے اراکین سے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

واقعہ کربلا ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے ہمیں ہر قسم کے تعصبات سے بالاتر ہوکر اتحاد بین المسلمین کا مظاہرہ کریں، رحیم آغا

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین، حاجی عاشق اچکزئی، حاجی نصر الدین کاکڑ، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، حاجی اسلم ترین اور سید حیدر آغا نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ واقعہ کربلا ایثار اور قربانی کا درس دیتا ہے ہمیں ہر قسم کے تعصبات سے بالاتر

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

لاہور وزیراعظم کے مشیر برائے احتساب و داخلہ شہزاد اکبر معاون خصوصی شہباز گل اور خواجہ اسلم چوہان کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

مریم اور نگزیب کا نواز شریف کی صحت سے متعلق وزیراعظم کے بیان پر سخت تشویش کا اظہار

نواز شریف کی صحت سے متعلق حکومت کو شبہ ہے تو پھر عثمان بزدار سمیت ڈاکٹر یاسمین راشد اور دیگر کو صحت کا نشان بنائیں

مریم اورنگزیب کی لانڈرنگ پر پی آئی اے اور چینی پر ڈاکٹر ڈالنے والے پیسے پر ہوری ہے، صحت کا نشان بنانا ہے تو اسے بنائیں، پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے سابق وزیراعظم نواز شریف کی صحت سے متعلق وزیراعظم کے بیان پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف کی صحت سے متعلق حکومت کو شبہ ہے تو پھر عثمان بزدار سمیت ڈاکٹر یاسمین راشد اور دیگر کو صحت کا نشان بنائیں، منی لانڈرنگ پر پی آر آئی، آٹا اور چینی پر ڈاکٹر ڈالنے والے پیسے پر ہوری ہے، صحت کا نشان بنانا ہے تو اسے بنائیں، این آر او کس نے مانگا ہے؟ کان کھول کر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

دو سالہ بدترین کارکردگی کو عمران صاحب این آر او این آر او کے بیانیے سے عوام کو اب بیوقوف نہیں بنا سکتے، مریم اورنگزیب

عمران صاحب 23 فالتو فلائٹ، 13000 ارب کا قرضہ، ایل پی جی، ایل این جی سمیت آٹا اور چینی چوری کیلئے کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کریں، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے سابق وزیراعظم نواز شریف سے متعلق عمران خان اور ترجمانوں کے بیانات پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دو سالہ بدترین کارکردگی کو عمران صاحب این آر او این آر او کے بیانیے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

مقامی اخبارات و جرائد کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، غفار لانگو

مختلف حیلے بہانوں سے مقامی اخباری صنعت کو بحرانوں سے دوچار کرنے والی کوششیں کامیاب نہیں ہونے دینگے، وفاقی حکومت کے اقدامات سے ہزاروں لوگوں کا روزگار متاثر ہونے کا خدشہ ہے

وفاقی حکومت کے اقدامات کے خلاف ایکشن کمیٹی ملک گیر تمام صحافتی تنظیموں سے رابطہ کرکے جلد اپنا لائحہ عمل ترتیب دے گی، انجمن اتحاد اخبار فروشاں و پرنٹنگ پریس مالکان کا ایکشن کمیٹی کے فیصلے کی حمایت کا اعلان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وفاقی حکومت مقامی اخبارات و جرائد کے حوالے سے اپنے فیصلوں پر نظر ثانی کرے۔ مختلف حیلے بہانوں سے مقامی اخباری صنعت کو بحرانوں سے دوچار کرنے والی کوششیں کامیاب نہیں ہونے دینگے۔ وفاقی حکومت کے اقدامات سے ہزاروں لوگوں کا روزگار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار مقامی مدیران نے ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ ہنگامی اجلاس میں کیا۔ ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا ہنگامی اجلاس زیر صدارت چیئرمین ایکشن کمیٹی اخبار صنعت بلوچستان حاجی عبدالغفار لانگو منعقد ہوا۔ اجلاس میں ہے ذیا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پہلے بھی کہہ رہا تھا نواز شریف کوئی بیمار نہیں ترس نہ کھاؤ، فواد چوہدری

نواز شریف کی رپورٹ ہائی کورٹ نے مانگی ہے، رپورٹس صحیح نہیں دی جارہی ہیں جس لیبارٹری نے رپورٹس دی اور جس ڈاکٹر نے لکھی، سب کی تحقیق ہوگی

مولانا فضل الرحمان اگر بلاول بھٹو کیساتھ مل کر بھی تحریک چلائیں تو لاہور کا ایک بال بھی بھر نہیں سکتے، مدرسے کے بچوں کو جمع کیا جاتا ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پہلے بھی کہہ رہا تھا نواز شریف کوئی بیمار نہیں، ترس نہ کھاؤ نواز شریف کی رپورٹ ہائی کورٹ نے مانگی ہے، رپورٹس صحیح نہیں دی جارہی ہیں جس لیبارٹری نے رپورٹس دی اور جس ڈاکٹر نے لکھی، سب کی تحقیق ہوگی، مولانا فضل الرحمان اگر بلاول بھٹو کیساتھ مل کر بھی تحریک چلائیں تو لاہور کا ایک بال بھی بھر نہیں سکتے، مدرسے کے بچوں کو جمع کیا جاتا ہے، نیب ہمارے زیر انتظام نہیں ہے، جنٹلمین سسٹم ریفارمز کی طرف جانا ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے، پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کی وجہ سے پاکستان ٹیسٹ ایف اے گرے لسٹ میں گیا، آٹا اور چینی کی قیمتوں میں کمی آگے چند دنوں میں آجائیگی، ہماری تمام صوبائی اسمبلیوں کو اپنے یونیوسٹیز شروع کرنے چاہئیں، صوبوں کی کارکردگی عوام کے سامنے لازمی ہونی چاہیے، برطانوی حکومت دہشت گردی کی بات کرتی ہے، ہمارا سب سے بڑا دہشت گرد تو لندن میں بیٹھا ہے، ہمیں بانی ایم کیو ایم واپس

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

مریم نواز نے نیب پیشی پر جیتے پتھر مارے، وہ سارے شہباز شریف کی سیاست پر فاتحہ کرکے گئے ہیں، وزیر ریلوے کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ہم پہلے ہی وہاں بیٹھے ہوئے ہیں تو اپوزیشن کو جی ایچ کیو کا گیٹ نمبر پانچ کیوں ملے گا؟ نواز شریف کو واپس لانا آسان کام نہیں ہے، مردہ اور تھکی ہوئی اپوزیشن حکومت کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی اور عمران خان کی حکومت پانچ سال پورے کرے گی، اپوزیشن کی اے پی سی محرم کے بعد بھی ہوتی ہوئی نظر نہیں آرہی، شفقت الرحمان مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی سے تحریری معاہدہ چاہتے ہیں جبکہ شہباز شریف کبھی تحریری طور پر کچھ نہیں دے گا، مریم نواز نے نیب پیشی پر جیتے پتھر مارے یا مرادئے ہیں وہ سارے شہباز شریف کی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ممبر صوبائی اسمبلی میر نصیب اللہ مری ڈی ایچ کیو کے دورے کے موقع پر ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کررہے ہیں

ہم پہلے ہی وہاں بیٹھے ہیں تو اپوزیشن کو جی ایچ کیو کا گیٹ نمبر پانچ کیوں ملے گا؟ شیخ رشید

مرحوم میر حاصل بزنجو ناجائز اور ظالم حکمرانوں کے خلاف توانا آواز تھے، مولانا عبدالواسع

مرحوم پر بلوچستان کے حقوق کی جنگ لڑی ان کی رحلت سے پورا ملک بالخصوص بلوچستان بہت بڑی شخصیت سے محروم ہوگیا، ایم این اے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے اپنے ایک تعزیتی بیان میں ممتاز سیاستدان میر حاصل بزنجو کی وفات پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ناجائز اور ظالم حکمرانوں کے خلاف توانا آواز تھے جنہوں نے مرحوم پر بلوچستان کے حقوق کی جنگ لڑی ان کی رحلت سے پورا ملک بالخصوص بلوچستان بہت بڑی شخصیت سے محروم ہوگیا وہ نڈر اور بہادر سیاستدان تھے ان کا شمار ملک کے ممتاز و بزرگ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کراچی سربراہ ویت المال سندھ جنید لاکھانی اپنی ٹیم کے ہمراہ سرجانی ٹاؤن کے علاقے یوسف گوٹھ میں بارش سے متاثرہ خاندانوں کو کشتی کے ذریعے محفوظ مقام پر پہنچا رہے ہیں

تشنج ایک موذی مرض ہے جو جان لیوا بھی ثابت ہوسکتا ہے، ڈاکٹر آصف انور شاہوانی

اس مہلک بیماری سے بچاؤ کیلئے لسبیلہ میں چھ روزہ قومی مہم 24 اگست بروز پیر سے شروع ہوگی

29 اگست بروز ہفتہ تک جاری رہے گی اس مہم کے دوران 15 سے 49 سال تک کی خواتین کو ٹیکے لگائے جائیں گے ڈی ایچ او

اوتھل (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے کہا ہے کہ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن اور یونیسیف کے تعاون سے حکومت بلوچستان کی نگرانی میں بلوچستان بھر کی طرح ضلع لسبیلہ میں تشنج سے بچاؤ کی چھ روزہ قومی مہم 24 اگست کو شروع ہوگئی جس میں حاملہ خواتین اور نوزائیدہ بچوں کو تشنج جیسی خطرناک بیماری سے بچانے کیلئے ٹیکے لگائے جائیں گے اس مہم کے دوران حاملہ خواتین دوران حمل اور زچگی کے بعد حفاظتی ٹیکہ جات ضرور لگائیں خاص کر حمل کے ابتدائی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

زیر التواء منصوبوں کو مقررہ وقت میں تکمیل تک پہنچائیں گے، ظہور بلیدی

بلوچستان بھر میں انٹرنیز گریجویٹس کے ذریعہ ایک استاد والے اسکولوں میں ٹیلے کی کمی کو پورا کرنے کیلئے ڈسپوزل ای ڈی او کے تحت فنڈز بنانے کے لئے ایک خیال پر تبادلہ خیال کیا گیا

ایک استاد والے اسکولز میں ٹیلے کی کمی کو پورا کرنے کیلئے ڈسپوزل ای ڈی او فنڈز بنانے کے منصوبے سے تبادلہ خیال کیا گیا، اس حوالے سے محکمہ خزانہ بھرپور تعاون کرے گا، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ محکمہ تعلیم کی بہتری کیلئے صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند کی کاوشیں قابل تعریف ہے وزیر اعلیٰ، منصوبوں کو مقررہ وقت میں تکمیل تک پہنچائیں گے، ایک استاد والے سکولز میں ٹیلے کی کمی کو پورا کرنے کیلئے ڈسپوزل ای ڈی او فنڈز بنانے کے منصوبے سے تبادلہ خیال کیا گیا اس حوالے سے محکمہ خزانہ بھرپور تعاون کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند کی زیر صدارت اجلاس کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات عبدالرحمن بزدار، صوبائی سیکرٹری تعلیم شیر خان بازئی سیکرٹری خزانہ نور الحق بلوچ و دیگر حکام موجود تھے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں زیر التوا تمام

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

اپکے ملازمین کو بے روزگار کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دے گی، زاہد بلوچ محمد حسنی

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپکا) ایکسائز یونٹ کے صدر زاہد بلوچ محمد حسنی نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز کے 2011 میں بھرتی کیے گئے سینکڑوں ملازمین کو ایک بار پھر فارغ کردیا گیا ہے عدالتی حکم میں جو انکوائری کا وقت دیا گیا تھا اس کے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

طلباء کے والدین نے مطالبہ کیا ہے کہ ایچ ای سی ایڈمیشن کی تاریخ میں توسیع کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) طلباء کے والدین نے مطالبہ کیا ہے کہ ایچ ای سی ایڈمیشن کی تاریخ میں توسیع کیا جائے۔ بلوچستان بورڈ نے ایف اے، ایف ایس سی کی رزلٹ تاخیر میں آنے کی وجہ سے طلباء اور والدین سخت پریشان ہے۔ کیونکہ یونیورسٹیز اور ایچ ای سی حکام کا آخری تاریخ 25 اگست ہے۔ بلوچستان بورڈ سے ڈی ایم سی اور کالجز

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

مرحوم میر حاصل بزنجو کو پاکستان میں مظلوم قومیتوں کے حقوق کے علمبردار تھے، نواب ذوالفقار مگسی

بلوچستان کے حقوق اور جمہوریت کیلئے انکی کوششوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، سابق گورنر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹر سیاستدان سابق گورنر بلوچستان نواب ذوالفقار مگسی نے نیشنل پارٹی کے رہنما سینیٹر میر حاصل بزنجو کی وفات پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میر حاصل بزنجو پاکستان میں مظلوم قومیتوں کے حقوق کے علمبردار تھے، بلوچستان کے حقوق اور جمہوریت کیلئے انکی کوششوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔ تعزیتی بیان میں کہا گیا ہے کہ جمہوریت، صوبائی خودمختاری اور انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے انہوں نے قربانیاں برداشت کیں لیکن اپنے موقف

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

حکومت اپنی رٹ قائم رکھنے میں ناکام ہے، اسپیکر جمال شاہ کاکڑ

عوام کو ذخیرہ اندوزوں، گراں فروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت اپنی رٹ قائم رکھنے میں ناکام ہے عوام کو ذخیرہ اندوزوں، گراں فروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے کوئٹہ میں سرعام پیٹرول پمپس پر پیمانے سے کم ایندھن فراہم کیا جارہا ہے لیکن عوام کی شکایات سننے والا کوئی نہیں، ضلعی انتظامیہ پیٹرول پمپس پر پیمانے کی خلاف ورزی کا نوٹس لیکر کاروائی عمل میں لائے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

حب سٹی پولیس کا منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن پانچ کلو چرس، ایک پستول سمیت دو موٹر سائیکلیں برآمد 4 ملزمان گرفتار

لسبیلہ (این این آئی) حب سٹی پولیس کا منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن پانچ کلو چرس، ایک پستول سمیت دو موٹر سائیکلیں برآمد 4 ملزمان گرفتار، پولیس ذرائع کے مطابق ایس ایچ او حب سٹی عطاء اللہ لہانی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ حب کے علاقے الہ آباد ٹاؤن اور مدینہ کالونی میں کارروائی کرتے ہوئے پانچ کلو چرس، ایک پستول،

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

باغ ہیڈ کے سیلاب متاثرین کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑ سکتے، عمر جمالی

دریائے مولہ سے جھل مگسی کے راستے آنے والے سیلابی ریلے نے باغ ہیڈ سمیت قریبی علاقوں کو شدید متاثر کیا ہے

بلوچستان حکومت سیلاب زدگان ہر صورت امداد کو یقینی بنائے گی، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و بین الصوبائی امور

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و بین الصوبائی امور میر عمر خان جمالی نے کہا ہے کہ باغ ہیڈ کے سیلاب متاثرین کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑ سکتے بلوچستان حکومت سیلاب زدگان ہر صورت امداد کو یقینی بنائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد رزاق خان کھچک کے ہمراہ باغ ہیڈ کا تفصیلی دورہ کرنے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا باغ ہیڈ کے دورے کے دوران صوبائی وزیر میر عمر خان جمالی نے سیلاب زدگان 500 خاندانوں میں راشن اور نیٹ تقسیم کیے میر عمر خان جمالی نے کہا کہ دریائے مولہ سے جھل مگسی کے راستے آنے والے سیلابی ریلے نے باغ ہیڈ سمیت قریبی علاقوں کو شدید متاثر کیا ہے جس کے باعث علاقے کے عوام کا معاشی نقصان ہوا ہے باغ ہیڈ و دیگر سیلاب سے متاثرہ علاقوں کو آفت زدہ قرار دیکر بلوچستان حکومت سے متاثرین کی بحالی کے لیے فنڈز فراہم کیا جائیگا تاکہ سیلاب زدگان کے نقصانات کا ازالہ کیا جاسکے صوبائی وزیر میر عمر خان جمالی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ حقیقی اپوزیشن ہیں نہ وہ تحریک چلانے کی پوزیشن میں ہیں، سراج الحق

اصل اپوزیشن جماعت اسلامی ہے اور تحریک بھی جماعت اسلامی ہی چلائیگی، سابقہ اور موجودہ حکمران پارٹیاں آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک کی غلامی میں راضی ہیں

وزیراعظم جتنی بار ایک کروڑ نوکریاں اور پچاس لاکھ گھروں کا وعدہ کیا تھی بار اضافہ کا نام لیا ہوتا تو یہ مسائل ختم ہوسکتے تھے، شیخ رشید کا نشانہ

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ حقیقی اپوزیشن ہیں نہ وہ تحریک چلانے کی پوزیشن میں ہیں۔ اصل اپوزیشن جماعت اسلامی ہے اور تحریک بھی جماعت اسلامی ہی چلائے گی۔ سابقہ او رموجودہ حکمران پارٹیاں آئی ایم ایف اور ورلڈ بنک کی غلامی میں راضی ہیں۔ یہ لڑے بغیر شکست قبول کرتی اور غلامی کی زنجیروں کو اپنا زیور سمجھتی ہیں۔ ان پارٹیوں کو اس کوڑے سے بھی محبت ہوگئی ہے جو سال سال سے ان

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد میں بدامنی برقرار امن امان سوچے سمجھے منصوبے کے تحت خراب کیا جارہا ہے

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں بدامنی برقرار امن امان سوچے سمجھے منصوبے کے تحت خراب کیا جارہا ہے۔ وشن کمار سے پچاس ہزار رقم اور قیمتی موبائل چھین گئے۔ اطلاعات کے مطابق ریشم گلی میں دو بزنوں نے اسلحہ کی زور پر ان کی دکان میں گھس کر نقدی پستول کے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

محرم الحرام رواداری، یکجہتی، اتحاد اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

ہمیں ہر سطح پر اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کرکے مسائل و مشکلات سے نجات کیساتھ ترقی و خوشحالی اور امن کی راہ پر گامزن ہونا چاہیے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ محرم الحرام رواداری، یکجہتی، اتحاد اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے ہمیں ہر سطح پر اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کرکے مسائل و مشکلات سے نجات کیساتھ ترقی و خوشحالی اور امن کی راہ پر گامزن ہونا چاہیے۔ بے اتفاقی دین سے دوری و کم علمی کی وجہ سے ہے اسلام کی صراط المستقیم پر چل کر ہم دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کرسکتے ہیں۔ عقیدہ ختم نبوت کا دفاع ہر مسلمان پر فرض ہے۔ پاکستان میں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔shalquetta@gmail.com

23 اگست 2020ء

آئی جی ایف سی کا دودہ تربت

تربت کے نوجوان طالبعلم حیات بلوچ کی ہلاکت کے دلروز واقع پر جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے۔ لیکن یہ ایک تلخ حقیقت ہے۔ کہ اہلیان بلوچستان ایسے افسوسناک واقعات ایک عرصے سے بھگت رہے ہیں۔ اس اعتبار سے یہ بات اطمینان بخش ہے کہ پہلی بار بلوچستان میں نے والے ماورائے عدالت ہلاکت کا سختی سے نوٹس لیا گیا ہے۔ وفاقی وزراء کی طرف سے تربت واقع کی مذمت کی گئی ہے۔ اور سب سے اہم اور ممتاز کردار قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرف سے ادا کیا گیا ہے۔ انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور ساؤتھ بلوچستان میجر جنرل سرفراز علی نے گذشتہ روز تربت میں حیات بلوچ گھر جا کر ان کے لواحقین سے تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع پر انھوں نے یقین دہانی کرائی کہ حیات بلوچ کیس میں انصاف دلایا جائے گا۔ اس سے قبل افسوسناک واقع کے فوراً بعد پولیس نے مبینہ ملزم ایف سی اہلکار کو حراست میں لے لیا تھا۔ اور اس کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کر لی گئی تھی۔ حیات بلوچ کے لواحقین نے آئی جی ایف سی کا شکریہ ادا کیا اور خاص طور سے اس بات کو سراہا کہ ایف سی نے کسی دباؤ کے بغیر بروقت کارروائی کر کے ملزم کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ آئی جی ایف سی نے حیات بلوچ کے گھر جا کر نہ صرف انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کیا بلکہ اس واقع پر ایف سی کا موقف کا بھی اظہار کیا۔ انھوں نے وضاحت کے ساتھ کہا کہ بطور ادارہ ایف سی حیات بلوچ کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے۔ یہ بہر حال اسٹیبلشمنٹ خاص طور سے فرنٹیئر کور کے رویے میں نمایاں مثبت تبدیلی ہے جس کا بلوچستان ہی پر حلقے کی جانب سے خیر مقدم کیا جائے گا۔ اس سے امید پیدا ہو چکی ہے کہ بلوچستان کے عوام کی جائز شکایات کی سنوائی کا وقت آ گیا ہے اور گھر معاملات اس طرح آگے بڑھتے رہے تو صوبہ میں موجود احساس محرومی کو دور کرنے اور ماحول کو بہتر بنانے میں یقیناً مدد ملے گی۔

آج اکیسویں صدی کے جدید ترین ٹیکنالوجی کی دور میں ہمارے نوجوان نسل منشیات جیسے لعنت سے چھٹکارا حاصل نہ کر سکے

عابد عمر
جنرل نالج بلوچستان

آج اکیسویں صدی کے جدید ترین ٹیکنالوجی کی دنیا میں ہم ابھی تک منشیات جیسے لعنت سے چھٹکارا حاصل نہ کر سکے اور منشیات ہمارے قوم کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے اور اس میں چھوٹے بچوں سے لیکر بڑے عمر کے لوگوں تک یہ لعنت وبا کی طرح پھیل چکی ہے اور ہم دنیا کی ترقی کی دوڑ سے دور ہو چکے ہیں۔

ہم ایسے معاشرے میں رہتے ہیں جہاں زندگی کی بنیادی ضروریات میسر نہیں لیکن منشیات آسانی سے مل جاتی ہیں ہمارے معاشرے میں منشیات گھر گھر گاؤں گاؤں اور شہر شہر تک لوگوں کی جڑوں تک گھس چکا ہے اور منشیات کا دن بہ دن بڑی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے خصوصاً نوجوان نسل کا منشیات جیسے لعنت میں دن بدن اضافہ ہمارے قوم کے لیے کسی المیے سے کم نہیں نوجوان جو کسی ملک کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے لیکن یہاں گنگا الٹا بہہ رہا ہے کوئی روک ٹوک نہیں ہر چیز قانون نافذ کرنے والے اداروں کی سرپرستی میں سرعام ہو رہا ہے اور اس کے لیے کوئی مثبت ایکشن نہیں لے رہے اور ہم ایسے بدنصیب معاشرے میں رہتے ہیں جہاں بندوک کے زور پر پولیو کے قطرے تو پلائے جاتے ہیں لیکن افسوس منشیات کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کیا جاتا، آخر کار کیا وجوہات ہیں کہ ہم اپنے ہی پیروں پر کھولاڑی مارتے رہیں گے اس کی بنیادی وجوہات کیا ہیں جو حکام بالا ایکشن لینے سے قاصر ہیں؟ یا حکام بالا خود ہی اس ناپاک دھندے میں ملوث ہے اور اس تباہی میں بھرپور حصہ لے رہے ہیں اور یہ سلسلہ کب تک چلتا رہے گا اور قوم کب غفلت کی نیند سے اٹھے گی اور کب پورا معاشرہ منشیات کے خلاف جہاد کرے گے منشیات کا استعمال عادت نہیں بلکہ ایک بیماری ہے۔ ہم میں سے زیادہ تر لوگوں کو اس بات کا علم نہیں ہے اسی وجہ سے ہم نشے میں مبتلا لوگوں کو اپنی کم علمی کی وجہ سے برا بھلا کہتے ہے جو انسانی اور اخلاقی دونوں طور پر قابل مزمت ہے۔ نشے کا استعمال باقاعدہ طور پر ایس یو ڈی بیماری کہلاتی ہے جو دماغی بیماری میں شمار ہوتا ہے۔ عام بیماری کی نسبت نشے کی بیماری میں فرق ہے۔ اور اس کو سمجھنا بہت ضروری ہے کیونکہ نشے کی بیماری سے صرف وہ فرد متاثر نہیں ہوتا بلکہ پوری فیملی کے ساتھ معاشرہ بھی متاثر ہوتا ہے جب کوئی فرد اپنے نشے کی بیماری کی وجہ سے اپنی بنیادی ذمہ داریوں سے غافل رہتا ہے اور اولاد کی تربیت اور کردار سازی سے دور رہتا ہے جو کہ نہ صرف گھر بلکہ معاشرے اور ملک کی تباہی ہے اور اس زمین پر بھی بوجھ بن جاتا ہے اسی لیے ہمیں اس بیماری میں مبتلا لوگوں کا بروقت علاج پر دھیان دینا چاہیے اور ہمیں پتہ ہونا چاہیے کہ کس طرح ایک فیملی کو اپنا صحتمند کردار ادا کرنا چاہیے۔ اور کس طرح اس بیماری کو ڈیل کرنا چاہیے یہ معلوم ہونا چاہیے۔ عابد عمر اپنے آپ کو ایک طالب علم سمجھتے ہوئے آپ قوم سے وعدہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ انشاءاللہ میں آپ سب کے توسط سے اس منشیات کو ہم اپنے معاشرے سے ختم ضرور کرونگا۔

اخر میں اپنے معاشرے کہ تمام والدین حضرات سے دردمندانہ آپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے بچوں کے ساتھ دوستانہ ماحول میں رہیں اور ان پر نگرانی رکھیں اور ان کو منشیات کے نقصانات سے ضرور آگاہ کریں تاکہ ان کو نشے کے لت سے چھٹکارا حاصل ہو

خضدار کی تاریخی پس منظر!

فیض محمد حسنی

بلوچستان کی تاریخ میں خضدار کی بہت بڑی اہمیت رہی ہے۔ خضدار کو یونانیوں نے کوریان لکھا ہے۔

خضدار ایک چھوٹی سی زرخیز اور پانی سے بھرپور جھالاوان کی چھوٹی مگر بہت خوبصورت وادی ہے۔ جغرافیہ کے ماہر William Baffin ولیم بفن نے اپنے 1680 کے نقشہ میں خضدار کو چیریان ظاہر کیا ہے۔ Seutter سیوٹر نے اپنے ہندوستان کے 1740 کے نقشہ میں کوردار اور H.Moll ایچ مول بھی ایک جغرافیہ کا ماہر ہے 1715 کے اپنے ہندوستان کے نقشہ میں بھی کوردار ظاہر کیا ہے۔

ساتویں صدی میں عربوں نے اس خطہ کو فتح کیا تو خضدار مکمل اسلام کے زیر اثر آیا۔ یاد رہے کہ اسلام حضرت عمر رضہ اللہ عنہ کے زمانہ میں خضدار پہنچ چکا تھا۔ خضدار نام عربی کے دو الفاظوں کا مرکب ہے۔ خض! کا مطلب ہے مضبوطی سے قائم رہنا جبکہ دار! کا مطلب ہے جگہ یا گھر۔ اس طرح خضدار کا مطلب بنتا ہے مضبوطی سے قائم رہنے کی جگہ۔

ایک اور مقامی مذہبی محقق حضرت مولانا محمد دین تجازی کے مطابق خضدار کو اس کی خوبصورتی کی وجہ سے عربوں نے "قصدار" کا نام بھی دیا تھا۔

سندھ کے مشہور صوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی جب خضدار تشریف لائے اور جہاں سے اپنے سفر کے دوران گزرا تھا تو شاہ صاحب نے اپنے مشہور شاعری کے رسالو شاہ جو رسالو میں خضدار کی خوبصورتی کی تعریف کی ہے۔

عرب کے مشہور جغرافیہ دان ابن حوقل ابلبغدادی لکھتے ہیں کہ خضدار "تورآن" کا دارالحکومت تھا۔ یاد رہے کہ تورآن جھالاوان کا پرانا نام ہے۔ مزید وہ لکھتے ہیں کہ خضدار شہر ایک دریا کے کنارہ پر واقع تھا۔ شہر کے مرکز میں ایک قلعہ بنا ہوا تھا۔ اس کے گرد نواح میں بہت خوبصورت باغات اور زرعی علاقے تھے۔

986 عیسوی میں بن احمد نامی شخص جو بنیادی طور پر عرب تھا۔ خضدار کا گورنر تھا۔ خضدار شہر دو حصوں میں تقسیم تھا ایک حصہ گورنر کے رہائش کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔ جبکہ دوسرا حصہ عوامی سرگرمی اور کاروبار کے لئے مختص تھا۔

ایک راستہ جو ایران سے نکلتا تھا خضدار کو شمال میں قلات، گنداوہ سے ہو کر آگے ملتان سے ملاتا تھا۔ اور دوسرا راستہ خضدار کو کیچ تمپ پھاڑ سے ارباب کے راستہ سبین سندھ سے ہو کر پورے سندھ سے ملاتا تھا۔

جب عربوں کا بادشاہی سلسلہ زوال پزیر ہوا تو ابو منصور نصیرالدین نے 977-997 میں خضدار کو عربوں سے فتح کیا جس کا تعلق غزنی سلسلہ بادشاہت سے تھا۔

خضدار میں چار قلعوں کی کنڈرات ہیں۔ یعنی کوہیر قلعہ، ہلوائی کی چوٹی کا قلعہ، شاہی باغ قلعہ، اور خان خدائیداد خان کا قلعہ۔

خضدار کا کوہیر قلعہ!

یہ قلعہ یونین کونسل اوباڑہ کے میری بھت کے ٹیلے پر واقع ہے۔ جسے ساسانہ Sassanid گورنروں نے پتھر اور مٹی سے تعمیر کروایا تھا۔ یہ قلعہ تقریباً 10 ایکڑ پر پھیلا ہوا ہے۔ جہاں سے خضدار کا پورا شہر نظر آتا ہے۔ اس قلعہ کی دیواریں تین فٹ چوڑی ہیں۔ اس کی مرمت دو بار عرب گورنروں کی زیر نگرانی ہوئی تھی وقت گزرنے کے ساتھ یہ قلعہ تباہ ہو گیا ہے۔

ہلوائی کی چوٹی کا قلعہ۔

جھالاوان گزٹ 1907 کے مطابق ایک اور قلعہ ہلوائی کے پہاڑ کی چوٹی پر تعمیر کیا گیا ہے۔ جو ہلوائی کی چوٹی کے قلعہ کے نام سے مشہور ہے۔ جس سے پورا علاقہ نظر آتا ہے یہ قلعہ ایک زلزلہ میں تباہ ہو گیا ہے۔

شاہی باغ کا قلعہ۔

اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ مٹی سے بنا ہوا ایک قلعہ ہے جو کہ کنڈرات میں تبدیل ہوا ہے۔

کیپٹن چارلس میسن اپنی کتاب جھالاوان گزٹ میں لکھتا ہے کہ جب انگریزوں نے ریاست قلات پر قبضہ کیا تو اس وقت خضدار میں تقریباً 60 سے 70 گھر ہوتے تھے۔ کیپٹن میسن پہلا یورپین ہے جس نے سب سے پہلے ہڑپہ کے کنڈرات کو دریافت کی تھی۔

خان میر نصیر خان دوم کے بعد نومبر 1857 میں اس کے بھائی خدائیداد خان، خان آف قلات بنے تو 1860 میں خضدار کی اہمیت کم ہونا شروع ہو گئی تھی۔ نے اس علاقہ کا دورہ کیا جو برطانوی حکومت کا ملازم تھا Masson۔ بھی Cook کے کام کا ذکر کیا ہے۔ Cook کک نے جو تفصیلات لکھی ہے ان کے مطابق خضدار میں 200 گھر تھے اور آبادی تقریباً 900 کے لگ بھگ تھی۔

ماضی میں شاہی باغ کے باغات تقریباً 20 ایکڑ پر پھیلے ہوتے قلعہ کے دو حصے تھے اس قلعہ کے 20 فٹ اونچے تاورز اور پانچ فٹ اونچی دیواریں کنڈرات میں اب بھی موجود ہیں۔ جو کہ کراچی روڈ خضدار سے نظر آتے ہیں۔ قلعہ سے مٹی کے بنے موہنجوتھوں کے ٹکڑے ملے ہیں۔ اب بہت سے موجودہ سرکاری اور غیر سرکاری عمارتیں اس کے ارد گرد بنی ہوئی ہیں۔ یہ قلعہ یونین کونسل لزوم میں واقع ہے۔ تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ قلعہ تقریباً 300 سو سال پرانا ہے۔

خان خدائیداد خان کا قلعہ!

یہ قلعہ خضدار شہر کے بالکل مرکز میں جناح روڈ پر واقع ہے۔ اس قلعہ کو خان خدائیداد خان نے 1872ء میں تعمیر کروایا تھا۔ جب ڈاکٹر Bellew نے اس علاقہ کا دورہ کیا اس نے یہاں جھونپڑیاں دیکھی۔ اس نے اپنی ڈری میں لکھا ہے کہ خضدار سے تھوڑے ہی فاصلہ پر ایک قلعہ ہے۔ اس نے اس کی دیواروں کا ذکر کیا ہے۔ اس نے لکھا ہے کہ اس قلعہ کو 1871 میں تعمیر کیا گیا ہے۔ وہ مزید لکھتے ہے کہ اس قلعہ کی تعمیر کا مقصد یہاں سے گزرنے والے کاروانوں کی حفاظت کرنا ہے۔ وہ مزید یہ بھی ذکر کرتے ہے کہ اس قلعہ میں 50 پیدل سپاہی اور 60 برادھوئی لیویز موجود تھے۔ جن کے پاس بندوقیں تھیں۔

میسن نے بھی اپنی کتاب میں ان ہی باتوں کا ذکر کیا ہے۔

کیپٹن پی ڈی میل لینڈ نے 1881 میں اس قلعہ کا دورہ کیا ہے۔ وہ لکھتے ہے کہ قلعہ میں ایک کنواں ہے جس کی گہرائی تقریباً 50 فٹ ہے۔

خضدار شہر کا یہ قلعہ تقریباً 14 ایکڑ پر پھیلا ہوا ہے۔ اس کی دیواریں مٹی اور پتھر سے بنی ہوئی ہیں۔ جو چھ 6 فٹ چوڑی اور 12 فٹ اونچی ہیں۔

موجودہ دور میں قلعہ کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس میں سرکاری عمارتیں جیسا کہ تحصیلدار کا دفتر، پولیس اسٹیشن، کچہری اور ایک مسجد ہے۔

محکمہ آثار قدیمہ کی غفلت اور عدم توجہی کی وجہ سے خضدار کے چاروں قلعے بارشوں کے نظر ہو گئے ہیں اور مزید اپنے وجود سے مٹ جانے کے دہانے پر ہیں۔

حکومت بلوچستان کو چاہیے کہ ان کی مرمت پر توجہ دیں تاکہ خضدار میں سیاحت کو فروغ ملیں اور یہ تاریخی قلعہ آنے والے وقت میں مزید نقصان سے محفوظ رہے مزید مستقبل کی نسل اپنی تاریخ سے باخبر رہے۔

سیاسی اور انتظامی انجینیر نگ کہ بعد!

شیخ خالد زاہد

کیا تحریک انصاف کی اعلیٰ قیادت ایسا سوچ رہی ہے کہ کراچی کو پیپلز پارٹی کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا جائے، تاکہ کراچی کی عوام دیکھ لیں کہ انکے مسائل کا حل انکے منتخب کردہ نمائندوں کے پاس نہیں۔ موجودہ حالات انکی بے بس کی کھلی داستان سنا رہے ہیں اب عوام کو انکی بار کچھ الگ سوچنا ہوگا، اور ویسے بھی عنقریب بلدیاتی انتخابات ہونے والے ہیں۔ کراچی کی نمائندہ جماعت ایم کیو ایم پاکستان کو یہ ماننا پڑے گا کہ وہ کراچی کو اسکا حق دلانے میں ناکام رہے ہیں، صرف یہ کہہ دینے سے بات نہیں بنے گی کہ صوبائی حکومت نے انکے ہاتھ پیر باندھ رکھے ہیں یا انہیں مسائل کے حل کیلئے وسائل تک رسائی نہیں۔ سوال یہ بھی اٹھتا ہے کہ کیا ایم کیو ایم پاکستان تقسیم در تقسیم ہونے کے بعد کراچی کی عوام کے دلوں سے نکل رہی ہے؟ ابھی اس بات کا حتمی تعین کرنا مشکل ہے کہ ایم کیو ایم پاکستان شخصیت کے حصار سے نکل کر نظریے کی پیروی کرنے والوں کی جماعت بن چکی ہے، مرکز کی تبدیلی نے سب کچھ بدل دیا ہے، کسی بھی قسم کے مفادات پر کوئی رکن سمجھوتا کرنے کیلئے تیار نہیں ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان کو سیاست میں جتنا گزرا لگا ہے شاید ہی کسی سیاسی جماعت کو یہ اعزاز حاصل ہو۔

یہ ایک الگ بحث ہے کہ جناب فاروق ستار صاحب نے ایم کیو ایم پاکستان کو چھوڑا ہے یا ایم کیو ایم پاکستان نے انکی قیادت سے منہ موڑا ہے، تاحال وہ ایم کیو ایم پاکستان سے ناراض ہیں (جاری ہے)

گناہ سے نفرت کیجیے گناہ گار سے نہیں

کائنات ملک

جام پور تھانہ سٹی میں ایک اور ملزم پولیس تشدد کے دوران جاں بحق ایک ماہ میں دوسرا شخص پولیس حراست میں جاں بحق۔ جام پور تھانے میں پولیس کے ہاتھوں دوسری ہلاکت کے واقعے نے مجھے سوچنے پر مجبور کر دیا۔ کہ وطن عزیز میں قانون نافذ کرنے والے ادارے قانون سے بالا تر کیوں ہیں۔ اے روز پولیس گردی پولیس۔ پولیس تشدد سے حوالات میں بند ملزمان کی ہلاک ہونے کے واقعات میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ کیا ان ہلاک شدہ ملزموں کا موازنہ ان خطرناک مجرموں سے کیا جا سکتا ہے۔۔ کیا وہ ملک دشمن دہشت گردوں سے زیادہ خطرناک تھے جن کے ہاتھ کئی کئی بے گناہ معصوم لوگوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔۔ جن کو ہماری خفیہ اداروں کی نشاندہی پر ہمارے حساس اداروں نے اپنی جان کی بازی لگا کر گرفتار کیا ہو۔ مگر بعد میں ہماری عدلیہ اسے باعزت بری کر دیتی ہے۔ اور کیا ان ملزمان کا ان کرپٹ سیاستدانوں سے زیادہ جرم تھا۔ جنہوں نے پورے ملک پر ڈاکہ ڈال کر عوام کی دولت لوٹ کر ملک سے باہر لے گئے۔

۔اور اپنے محلوں کے لئے اور لوٹے تک سونے کے بنوا ڈالے۔ کیا ان منی لانڈرنگ کر کے کھربوں روپے سوئس بینک میں رکھوانے والے۔۔ چینی۔ مافیا۔ آٹا مافیا۔ پٹرول مافیا سے بھی بڑے چور تھے۔ ملک کے لیٹروں کو تو پچاس روپے کے اسٹام کے ساتھ بڑے پروٹوکول سے ملک سے فرار کراتے ہیں۔ اور منی لانڈرنگ مافیا کو ضمانتیں دے کر ان کو اپنے گھروں کے اے سی روم میں ارام فراہم کرتے ہیں۔ اور بچ جاتے ہیں بچارے غریب عوام۔۔ مگر ان اشرافیہ کو کیا پتہ یہ غریب لوگ ان کے ظلم ستم کے ستائے ہوئے۔ کس طرح اپنی گزر بسر کر رہے ہیں۔ اور بچارے غربت اور مہنگائی کی چکی میں پسے ہوئے مجبور لوگ بھی حالات کے اگے جو کہ ان اشرفیہ کا پیدا کردا ہے۔ میں بے بس ہو کر اگر مرغی بھی چوری کرتا ہے۔ تو یہ ظالم لوگ اس کا اس سے زندہ رہنے کا حق بھی چھین لیتے ہیں۔ کیا گزرتی ہوگی ان گھروں ان والدین پر جن کے لخت جگر کی لاشے ان کے آنکھوں کے سامنے پڑے ہوں۔ کیا گزرتی ہوگی ان معصوم بچوں پر جن کا باپ صبح ان کو یہ دلاسہ دے کر گیا ہو۔ کہ میں اپنی گزر بسر کے لیے گزیا اور اپنے بیٹے کے لیے سکول کی کتابیں لے کر اؤں گا۔ جب صبح کا بھولا شام کو گھر نہیں لوٹتا۔ تب پولیس کی طرف سے ان بچوں کو ان کے باپ کی بجائے ان کو کفن میں لپٹی لاش دی جاتی ہے۔ ریاست کا قانون تو انسان کو جینے کا حق دیتا ہے۔ مگر ریاست میں ہی قانون کے رکھوالے انسانوں سے ان کا جینے کا حق چھین رہے ہیں۔ نفرت جرم سے ہونی چاہیے۔ جرم کرنے والے سے نہیں۔ نفرت گناہ سے ہونی چاہیے گناہ گار سے نہیں۔ مگر بدقسمتی سے ہم نفرت کی آگ میں اتنے اندھے ہو جاتے ہیں۔ کہ گناہ کی بجائے گناہ گار سے نفرت کر کے اسے سب سے بڑا مجرم بنا دیتے ہیں۔ کیا ان قانون کے رکھوالوں کے اپنے گھر میں میں باپ۔ بھائی بیٹے نہیں ہیں۔ کیا ان لوگوں کی جگہ ان کا کوئی بھائی باپ بیٹا ہوتا تو ان کے دل پر کیا گزرتی کبھی ان لوگوں نے سوچا ہے۔ کیا ان کے سینے میں دل نہیں کیا ان کے اندر انسانیت نام کی کوئی چیز ہے ہی نہیں۔ کیا ان کے اندر ضمیر نام کی کوئی چیز انہیں کبھی بھی ملامت نہیں کرتی۔ پاکستان کے آئین میں یہ کہیں نہیں لکھا ہے کہ ملزم پر سنگین تشدد کر کے اس سے ملزم سے مجرم ثابت کرو۔ قانون اور تاریخ میں جو بھی جس بھی ڈگری کا تشدد کیا جاتا ہے۔ وہ سب غیر قانونی ہوتا ہے۔ اور اس تشدد پر قانون بھی اس لیے خاموش ہوتا ہے۔ کیونکہ قانون خود یہ غیر قانونی عمل کر رہا ہوتا ہے پولیس کی حراست میں ملزم یا مجرم پر کسی قسم کا تشدد کرنا منع ہے۔ کیونکہ سزا دینے کا اختیار صرف عدالت کے پاس ہوتا ہے۔ جسمانی ریمانڈ کا مطلب صرف اور صرف ملزم سے پوچھ گچھ ہوتی ہے۔ یہ ایک فزیکل موجودگی ہوتی ہے۔ لہذا متعلقہ معلومات حاصل کرنے کے لیے ملزم پر کسی قسم کا ذہنی یا جسمانی تشدد آئین کی رو سے منع ہے۔۔ مگر خدا کی لاٹھی بے آواز ہے۔ ہاں اگر ملزم مجرم ثابت ہو جاتا ہے ٹھوس ثبوتوں کے ساتھ تو اس کو اس گناہ کی اتنی سزا دو جتنا اس کا قصور تھا۔ یہ نہیں کہ انتقام اور نفرت کی آگ میں اتنے اندھے ہو جاؤ کہ ایک انسان سے اس کے جینے کا حق تک چھین لو۔ اسے ہلاک کر دو۔ پولیس اپنے ایسے جرم پر ہمیشہ سے پردہ ڈالتی ارہی ہے۔ اور ان ہلاکتوں کو محض ایک حادثہ قرار دے کر یا ہلاک ہونے والے کا اپنا قصور تھا کا سارا ملبہ ڈال کر خود کو دودھ کا دھلا ثابت کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ اور من گھڑت سٹوریاں بنا کر میڈیا کو پیش کی جاتی ہیں۔۔ مگر بھنس بھنس کی بہن ہوتی ہے۔ اور ایسے واقعات میں ملزمان کے ورثا کو مطمئن کرنے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کی خاطر چند روز کے لیے واقعے میں ملوث اہلکاروں کو معطل کر دیا جاتا ہے۔ اور پھر ان کے اپنے پولیس والے تفتیشی افسران کو اکوائری افسران تعینات کر دیا جاتا ہے۔ اس دوران پولیس کے مقامی اعلیٰ افسران مقامی سیاسی شخصیت کے خاندان سے ہلاک شدہ افراد کے ورثا پر دباؤ ڈالا جاتا ہے۔ کہ جانے والا تو چلا گیا ہے۔۔ اللہ کی یہی مرضی تھی۔ اب آپ کہاں پولیس تھانے کے چکروں میں پڑ کر دھکے کھاتے ذلیل خوار ہوتے رہو گے۔ بہتر ہے کچھ لے کر معاملہ رفع دفعہ کرو ایسی میں آپ لوگوں کی بھلائی ہے۔۔ ویسے بھی پولیس والوں سے دشمنی اچھی بات نہیں ہے۔ اور اس طرح یہ پولیس والے اپنے جرم پر پردہ ڈالتے ہیں اور اپنے کالے کرتوتوں کو چھپا لیتے ہیں۔۔

حکومت کو چاہیے۔

ان پولیس والے نئے اور پرانے بھرتی شدہ لوگوں کے لیے اس طرح کے کورس کے تعلیم تربیت کا بندوبست کرے کہ کوئی قیدی پولیس کی حوالگی کے دوران ہلاک نہ ہو۔ ایسے پولیس والوں کے خلاف فوری ایف آئی ار درج کر کے ان کے دفعہ جرم 302 کے تحت سزا دی جائے۔ اور اس کو نوکری سے بھی ہمیشہ ہمیشہ کے لیے برخاست کیا جائے۔ اور کسی بھی ادارے میں نوکری کرنے کے لیے تاحیات نہ اہل قرار دے دیا جائے۔

موسم برسات میں احتیاطی تدابیر

محمد مظہر رشید چودھری

آپ سب جانتے ہیں کہ مون سون بارشوں کا سلسلہ جاری ہے گزشتہ رات سے صوبہ پنجاب سمیت وطن عزیز پاکستان کے دیگر شہروں میں موسلا دھار بارشیں ہو رہی ہیں محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ یہ سلسلہ چند روز جاری رہے گا اور اس حوالے سے مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کرنے سے جانی و مالی نقصان سے بچا جا سکتا ہے، روزانہ گھر سے نکلنے سے پہلے شہر کے حالات اور موسم سے متعلق آگہی ہونا ضروری ہے، گلیوں، سڑکوں کے اطراف لگے بجلی کے کھمبوں اور خاص طور پر گری تاروں کے پاس گزرنے سے مکمل اجتناب کریں، گھروں میں بچوں کو بجلی کے آلات اور ساکٹ سے دور رہنے کی تلقین کرتے رہیں گیلے ہاتھ اور ننگے پاؤں بجلی کے آلات کو چھونے سے گریز کریں۔

خاص طور پر استری، واشنگ مشین کو چلاتے ہوئے احتیاط برتیں گیلے ہاتھوں سے دروازے کی گھنٹی بجانے سے اجتناب برتیں بارش اور تیز ہوا میں بجلی کے ٹرانسفارمر کے قریب گزرنے سے گریز کریں، گھر میں کیبل کی تار کو گیلے یا ننگے پاؤں چھونے سے بھی اجتناب برتیں، نشیبی علاقوں میں رہائش پذیر ہیں اپنا قیمتی سامان بالائی منزل پر یا گھر میں اونچی جگہ پر شفٹ کریں۔

گھر میں چھت یا دیواروں کی لیکج، ڈرینج سسٹم اور گٹر باقاعدگی سے چیک کرواتے رہیں تاکہ زیادہ بارش میں نکاسی میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو سکے، گھر میں، لیمپ، ٹارچ، ماچس، موم بتیاں بھی لازمی ہونی رکھیں، پیٹرول ٹینک، گیلی تار یا ٹوٹی ہوئی تار کو ہاتھ لگانے سے پہلے سوئچ بند ہونے کی تسلی کر لیں، الیکٹریشن سے ٹوٹی تاریں درست کروا لیں، دوران بارش کسی بھی بجلی کی چیز کو ننگے پاؤں یا گیلے ہاتھ نہ لگائیں، موٹر پمپ کو گیلے ہاتھوں چھونے سے مکمل اجتناب برتیں غیر ضروری بجلی کے آلات کو بند رکھیں اگر گھر میں پانی داخل ہو جائے تو کیس اور بجلی کے مین سوئچ بند کر دیں گلی سڑک پر موجود بجلی کے کھمبوں اور سائن بورڈ سے دور رہیں۔

ایمرجنسی کی صورت میں ریسکیو اداروں کو مدد کے لئے فون کریں اور ان اداروں کے نمبر واضح طور پر گھر میں لکھ لیں تاکہ وقت ضرورت نمبر تلاش کرنے میں وقت ضائع نہ ہو، ڈرائیونگ کرتے وقت بڑی گاڑیوں خصوصاً ٹرک اور بسوں کے پیچھے گاڑی مت چلائیں کیونکہ یہ گزرتے وقت پانی پھیلاتی ہیں اور وہ گاڑی کی اسکرین پر گرنے کا احتمال ہوتا ہے جس سے ڈرائیونگ میں دشواری پیش آ سکتی ہے۔

بارش میں گاڑی کی ہیڈ لائٹس آن رکھیں اور سامنے والی گاڑی کے اشاروں کو دیکھ کر ڈرائیو کریں، غیر ضروری طور پر بارش میں سفر کرنے سے گریز کریں اور سڑک کے چ کھڑے پانی میں سے گاڑی گزارنے سے اجتناب کریں، پہاڑی علاقوں میں خطرناک جگہوں میں جانے سے گریز کریں اور سرکنے والی جگہوں سے گزرتے ہوئے انتہائی احتیاط کریں اور گاڑی انتہائی احتیاط سے چلائیں طبی وبائی امراض خصوصاً ہیضہ جلدی بیماری سے بچنے کیلئے بروقت حفاظتی ٹیکے لگوائیں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں، سیلابی ریلے، ندی نالوں اور دریاؤں کو پیدل یا کسی سواری کے ذریعے عبور کرنے کی کوشش نہ کریں۔

برساتی نالوں اور سیوریج سسٹم کے اندر کوڑا کرکٹ، طبہ خصوصی پلاسٹک بیگ اور بوتلیں پھینکنے سے اجتناب کریں، پالتو جانوروں کو حفاظتی ٹیکے لگوائیں اور ان کے چارے کا بندوبست کر کے رکھیں دوران بارش ڈرائیونگ سے گریز کریں، گاڑی، موٹر سائیکل کی رفتار کم رکھیں اور آگے والی گاڑی سے مناسب فاصلہ رکھیں، چند ایک احتیاطی تدابیر اختیار کر کے ہم اپنی اور دوسروں کی زندگیاں بڑے حادثات سے بچا سکتے ہیں اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اپنے حفظ وامان میں رکھے آمین۔

کسان کا آزاد کرو

حاجی محمد لطیف کھوکھر

زراعت پاکستان کے لئے ایک جز کی حیثیت رکھتی ہے، ملک کی 60 فیصد سے زائد آبادی زراعت کے شعبے سے وابستہ ہے۔ ملکی زرمبادلہ میں زراعت کا حصہ بائیس فیصد ہے۔ پاکستان میں پیدا ہونے والی کپاس، گندم، گنا اور چاول کی فصل بیرونی منڈیوں میں خاص اہمیت رکھتی ہے اور ملک ان فصلوں کی بدولت قیمتی زرمبادلہ حاصل کرتا ہے۔ اس کے باوجود ملکی زرعی شعبے کی ترقی کی رفتار نہایت سست ہے۔ ہمارے مقابلے میں دنیا کے دیگر ملک زیادہ پیداوار دے رہے ہیں مگر حکومتی کسان کش پالیسیوں کی بدولت کاشتکار کھیتی باڑی کی بجائے اپنی زرعی زمینیں فروخت کر کے شہروں میں منتقل ہو رہے ہیں۔ اگر یہی حالات رہے تو ملکی زرعی صورتحال مکمل طور پر شہب ہو جائے گی۔۔ اس کے علاوہ زہریلی زرعی ادویات کے نرخوں میں بھی بے تحاشا اضافہ کسانوں کی قوت خرید سے باہر ہے۔ نامناسب کھادوں، زہریلی زرعی ادویات کا استعمال ہونے کی وجہ سے فی ایکڑ پیداوار میں کمی ہونے لگی ہے۔ (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

کل کا اقبال آج بدحال کیوں..؟؟؟

نزیر حجازی

تھی۔ اس دوران میری نظر اک خستہ حال پھٹے پرانے کپڑے پہنے درویش نما شخص پر پڑی جس کے بال الجھے اور بکھرے ہوئے تھے جو اس رش کش سے بے خبر اپنی دنیا میں مگن تھا مجھے یہ چہرہ جانا پہچانا لگا۔ مگر یاد نہیں آ رہا تھا کہ کون ہے جب کافی غور کیا تو مرا دل دل گیا۔ یہ تو اقبال زاہد تھا جسکی شاعری کا نہ صرف نوشکی بلکہ پورے بلوچستان میں چرچا ہے۔ جو براہوی شاعری کے آسمان کا روشن تارہ ہوا کرتا تھا ان کو اس حالت میں دیکھ کر کافی دکھ ہوا، اس دوران وہ اٹھ کر چلا گیا اور مجھ میں اتنی ہمت نہ ہوئی کہ آواز ہی دے سکوں۔

بیس پچیس سال پہلے نوشکی براہوی و بلوچی ادب کا قبلہ مانا جاتا تھا، مشاعروں کی جان عظیم شاعر و ادیب کفایت کرار کا دور تھا۔ لوگ جوق در جوق مشاعروں میں شرکت کرتے تھے۔ بازار و ہوٹلوں میں شعر و شاعری کا ماحول تھا۔

بلوچستان کے سینئر شاعر کیم سح

شال بقیہ 1

خطرے میں نہیں ڈال سکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران سیکورٹی کے ساتھ ایس او پیز پر عملدرآمد اہم معاملہ ہے محرم الحرام کے دوران ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے بے احتیاطی کی گئی تو کورونا وائرس پھیل سکتا ہے مجالس سے قبل اور بعد میں امام بارگاہوں کو ڈس انفیکٹ کیا جائے گا تمام داخلی مقامات پر ہیلتھ ڈیسک قائم کئے جارہے ہیں محرم الحرام کے دوران اشتعال انگیز تقاریر کی اجازت نہیں ہوگی، انہوں نے کہا کہ صرف لائسنس یافتہ ذاکرین اور علمای مجالس سے خطاب کرسکتے ہیں۔ صوبائی حکومت کی جانب سے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں 5 محرم تک بلوچستان میں 3702 پولیس، لیویز و دیگر اہلکار تعینات رہیں گے جبکہ یوم عاشورہ پر 9854 اہلکار سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، انہوں نے کہا کہ صوبے کی 104 امام بارگاہوں میں مجالس ہوں گی، 17 اضلاع حساس جبکہ کوئٹہ، نصیر آباد، سبی، جعفرآباد انتہائی حساس قرار دیئے گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ بے احتیاطی سے کورونا وائرس شدت اختیار کرسکتا ہے، ملک بھر میں تعلیمی اداروں کے کھولنے سے متعلق حتمی فیصلہ 7 ستمبر کے اجلاس میں ہوگا کورونا کے کیسز بڑھے تو والدین اور بچوں کی زندگیاں خطرے میں نہیں ڈالیں گے۔

شال بقیہ 2

سال سے تعطل کا شکار معاہدے میں پیش رفت، وفاقی حکومت بلوچستان کو سوئی گیس سے حاصل آمدنی کا چالیس فیصد دینے پر راضی ہوگئی، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کی منظوری کے بعد جلد معاہدہ طے پاجانے کا امکان ہے، محکمہ توانائی کے حکام کے مطابق ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی سے گیس نکالنے کیلئے بلوچستان حکومت اور پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے درمیان پندرہ سالہ معاہدہ مئی 2015 کو ختم ہوگیا تھا جس کے بعد بلوچستان حکومت نے پرانی شرائط پر نیا معاہدہ کرنے سے انکار کردیا تھا، پانچ سال کے بعد اب اس معاملے پر پیش رفت ہوئی ہے اور وفاقی حکومت بلوچستان کو سوئی گیس سے ہونے والی آمدنی کا چالیس فیصد دینے پر آمادہ ہوگئی ہے، آمدنی کا چالیس فیصد وفاقی حکومت کو اور بیس فیصد پی پی ایل کو ملے گا، محکمہ توانائی کے حکام کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان کی منظوری کے بعد بلوچستان حکومت اور پی پی ایل کے درمیان پانچ سال سے تعطل کا شکار معاہدہ طے پاجائے گا، ذرائع کے مطابق نیا معاہدہ ہونے کے بعد بلوچستان کو پانچ سال سے پی پی ایل پر واجب الادا بیس ارب بھی مل جائیں گے، جبکہ اس مد میں صوبے کو سالانہ پانچ سے چھ ارب روپے کی آمدنی بھی ہوگی۔

شال بقیہ 3

علم شہید حیات بلوچ کے ماورائے عدالت قتل کے خلاف پاکستان کے مختلف شہروں کے یونیورسٹیز اور کالجز میں زیر تعلیم طالب علموں نے اپنی ڈگریاں چھوڑنے کا اعلان کردیا تربت میں قتل ہونے والے طالب علم حیات مرزا کے قتل کے خلاف آج گوادر میں ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی میں سول سوسائٹی سمیت طالب علم اور خواتین کی بڑی تعداد شریک تھی جنہوں نے ہاتھوں میں بینرز اٹھا رکھے تھے اس دوران حکومتی پالیسیوں کے خلاف بھرپور نعرہ بازی کیا گیا اور قتل کے خلاف ریلی نکالی گئی اور مین شاہراہ پر دھرنا دیکر احتجاج کیا گیا جبکہ اس دوران پاکستان بھر کے مختلف یونیورسٹیز میں زیر تعلیم ضلع گوادر کے 21 طالبعلموں نے اپنی ڈگریاں احتجاجا چھوڑنے کا اعلان کردیا اور کہا کہ اتنا پڑھ لکھنے کے بعد اگر آٹھ گولیوں کا نشانہ بننا ہے تو ایسے پڑھائی سے نہ پڑھنا بہتر ہے۔

شال بقیہ 4

انڈسٹری کو وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے درپیش مشکلات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری مرتضیٰ ترین نے ایکشن کے ڈی اخباری صنعت بلوچستان کی جانب سے مسائل کے حل کے لئے ہونے ملاقاتوں اور کارکردگی کے حوالے سے ادارے کے ان کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر انجمن اتحاد اخبار فروشاں کے صدر حاجی غازی خان بشکیل عطاءاللہ، فیصل درانی، منیر احمد، حنیف محمد حسنی، سہیل جلال، مدثر ندیم، عبدالرزاق ذرانی، حکیم اکمل، مجید کاکڑ، عابد شاہ، نعیم صادق، اسرار محمد کھیتران، میجر (ر) نذر زمرد بلی لہڑی، ماجد بلوچ، عبدالمجید، کبیر کاکڑ، ظفر اچکزئی، نعمت اللہ کاکڑ، فاروق لہڑی سمیت مدیران و پریس مالکان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

شال بقیہ 5

چاہیے۔ ہفتہ کو وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے جرنلسٹ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمان کے اندر بحث کو کس طرح رپورٹ کیا جائے، اس پر صحافیوں کی ٹریننگ ایک اہم ترین موضوع ہے، مجھے خوشی ہے کہ اس ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری تمام صوبائی اسمبلیوں کو اپنے یوٹیوب چینلز شروع کرنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کی کارکردگی عوام کے سامنے لازمی ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف لوگوں کو نوکریوں سے ہاتھ دھونے پڑے ہیں مگر دوسری جانب بہت ساری نوکریاں پیدا بھی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرنٹ میڈیا کیلئے خبر کی اتنی اہمیت نہیں رہ گئی ہے، تمام اخباروں کی لیڈ کل کا بیان ہے کسی سیاسی لیڈر کا، پرنٹ میڈیا کا کردار ہے کہ اس بیان کے پیچھے کی کہانی بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملکوں نے کم عمر بچیوں کی شادی کا بل منظور کیا ہے، پاکستان کی پارلیمنٹ یہ بل اب تک پاس نہیں کر پاری۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں شدت پسندی بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مراد علی اور قائم علی شاہ نے 14 ٹریلین خرچ کیا ہے۔

شال بقیہ 6

نے ڈپٹی کمشنر کو کہا کہ سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا جلد سے جلد تخمینہ لگایا جائے تاکہ صوبائی حکومت متاثرین کی امداد کو ممکن بنا سکے ایریگیشن ریسٹ ہاؤس میں سیلاب سے متعلق صوبائی وزیر میر عمر خان جمالی اور ڈپٹی کمشنر رزاق خان کھچ کو ایس ڈی او ایریگیشن عابد علی سیال ایس ڈی او ڈرینج غلام محمد بادینی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سیلابی پانی کو جیرالدین ڈرین کے ذریعے نکاس کرنے کی بھرپور کوششیں جاری ہیں اس سلسلے میں محکمہ ایریگیشن اور ڈرینج اپنے وسائل بروئے کار لائے ہیں سیلابی ریلے سے باغ بیڈ میں مال مویشی کیساتھ فصلات بھی بہہ گئے ہیں جس سے علاقہ مکینوں کا معاشی نقصان ہوا اور انہیں بے گھر ہونا پڑا ہے۔

شال بقیہ 7

منصوبے بروقت تکمیل تک پہنچانے کیلئے اقدامات کئے جائیں گے بلکہ بلوچستان بھر میں انٹرنیز گریجویٹس کے ذریعہ ایک استاد والے اسکولوں میں عملے کی کمی کو پورا کرنے کیلئے ڈسپوزل ای ڈی او کے تحت فنڈ زبنانے کے لئے ایک خیال پر تبادلہ خیال کیا گیا انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے محکمہ خزانہ ایجوکیشن سیکٹر کو ہر طرح کی مدد فراہم کرے گا۔ انہوں نے بلوچستان میں تعلیم کے شعبے کی بہتری پر صوبائی وزیر سردار یار محمد رند کی 31 ڈگری کالجوں کو اپ گریڈ کرنے، 100 نئے ماڈل اسکولوں کے قیام، ڈراپ آؤٹ ریشو کو روکنے اور معیاری تعلیم کی فراہمی کے ہدف کو حاصل کرنے کی منصوبہ بندی کیلئے ان کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی آف خضدار سب کیمپس تربت فعال ہے، بلوچستان حکومت مستقبل میں اسے ایک مکمل یونیورسٹی بنانے کی اپنی صلاحیت کو مستحکم کرے گی۔

شال بقیہ 8

اپنے لوگوں سمیت شہید ہوا پہلے پہل ان لوگوں نے بھاگ دوڑ کی لیکن آج دو سال گزر گئے کوئی پھر دوبارہ پوچھنے نہیں آیا میں اس کا بڑا بھائی ہوں میں فاتحہ پڑھنے جاتا ہوں اور ہمارے لوگ بھی فاتحہ پڑھنے وہاں جاتے ہیں لیکن اسٹیبلشمنٹ شہید سراج رئیسانی کو بھول گئی جن لوگوں نے شہید سراج رئیسانی کو استعمال کیا آج پوچھنے نہیں آتے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جو کچھ ہورہا ہے اس میں ہمارے لوگ بھی شامل ہیں ہم بلوچی اور براہوی میں اپنے لوگوں کو سمجھاتے رہتے ہیں کہ ایسا نہیں کریں ایسے کاموں سے بلوچ جدوجہد کو نقصان پہنچتا ہے لیکن لوگ سمجھتے نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ ہمارے خود کے لوگ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ہیں اور بلوچستان میں جتنی بھی خرابی ہورہی ہے اس میں ہمارے لوگ اول دستے کا کردار ادا کررہے ہیں۔

شال بقیہ 9

کہ موجودہ حکومت کے دو سالہ عرصے کے دوران بلوچستان میں جو ترقیاتی منصوبے شروع کئے گئے ہیں اس کی مثال نہیں ملتی پچھلی مرتبہ تمام حلقوں کا یکساں طور پر دیکھ کر اور اضلاع کے مسائل کے تناظر میں پی ایس ڈی پی میں اسکیمات شامل کئے گئے جس میں اپوزیشن کے حلقے بھی آتے ہیں اپوزیشن خود ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کرکے حکومت پر تنقید کررہی ہے یہ بات سمجھ سے بالاتر ہیں بلوچستان حکومت میں شامل تمام اتحادی جماعتوں کو وزیراعلیٰ جام کمال پر مکمل اعتماد ہیں اور جام کمال خان ٹیم کو ساتھ لیکر ہی بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی دینے کے لئے کوشاں ہیں۔

شال بقیہ 10

تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں قائد حزب اختلاف تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں قائد حزب اختلاف سندھ اسمبلی فردوس شمیم نقوی، پارلیمانی لیڈر حلیم عادل شیخ، خرم شیر زمان، آفتاب صدیقی، جمال صدیقی، سدرہ عمران اور دیگر اراکین قومی وصوبائی اسمبلی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اسد عمر کا کہنا تھا کہ ہمارا اصل مقصد کراچی کے عوام کے لئے کام کرنا ہے بجائے اسکے کہ کام کرنے کا سہرا کس کے سر جاتا ہے۔ ہمیں کراچی اور اس میں بسنے والے شہریوں کے لئے کام کرنا ہے۔ کراچی میں اس وقت بے تحاشہ مسائل موجود ہیں اور ان کے حل کے لئے وفاقی حکومت سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ کراچی کے اراکین اسمبلی سے میٹنگ میں فائل کیے گئے پراجیکٹس پر بھی گفتگو ہوئی۔ کراچی کی ترقی کے لئے وفاق اور سندھ کے درمیان کمیٹی 6 مین سیکٹرز میں کام کرے گی۔ ٹرانسپورٹ، واٹر، سیوریج، سالڈ ویسٹ، اسٹرام ڈرین، روڈ کی تعمیر پر تیکنیکی بنیادوں پر کام ہوگا۔ فنڈنگ، سربراہی اور ایگزیکٹیو ایجنسی پر بھی گفتگو ہوئی۔ وفاقی سے سیکرٹری پی این ڈی اور صوبے سے بھی سیکرٹری پی این ڈی سی اس مرحلے کو دیکھیں گے۔ کراچی کی ترقی کے لیے سب مل کر بہتر کام کریں گے کیونکہ پاکستان کی ترقی کراچی کی ترقی سے ہی ممکن ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر علی زیدی کا کہنا تھا کہ کراچی شہر کے ساتھ ہمیشہ سیاست کی گئی، مسائل کے حل کے لئے کوئی سنجیدہ نہیں تھا۔ ملک کا معاشی حب مسائل کی دلدل میں گھرا ہوا ہے۔ وزیراعظم عمران خان کی کراچی کے مسائل خصوصی توجہ ہے اور انکی ہدایات کے مطابق شہر کے مسائل کو حل کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ کراچی کے شہریوں نے تحریک انصاف کو ووٹ دیا ہے، تحریک انصاف کراچی کی اسٹیک ہولڈر جماعت ہے۔ سندھ حکومت نے دعوں اور وعدوں سے بڑھ کر کوئی کام نہیں کیا۔ 70 فیصد سے زائد ریونیو دینے والا شہر اگر صوبائی حکومت کی توجہ کا مرکز ہوتا تو آج حالات مختلف ہوتے۔ کراچی سے منتخب ہونے والے نمائندے کراچی کا درد اپنے دل میں رکھتے ہیں۔ اب ہم اس شہر کو مزید مسائل کی دلدل میں دھکیلنے نہیں دیں گے۔

شال بقیہ 11

عملدرآمد کیلئے بھی عدالت سے رجوع کیا جائیگا، نواز شریف کی طبی کیلئے دفتر خارجہ کے ذریعے برطانیہ سے رابطے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے، نیب کی جانب سے اسلام آباد ہائیکورٹ کو بھی نواز شریف کے مفرور ہونے سے آگاہ کرنے کا فیصلہ ہوا ہے۔ نیب حکام کے مطابق سابق وزیراعظم نواز شریف کی ضمانت ختم ہوچکی ہے، وہ مفرور ملزم و مجرم ہیں۔

شال بقیہ 12

سن میں سلیکٹیڈ وزیراعظم این آر او دے ہی نہیں سکتے نہ ہی ان کے پاس کوئی اختیار ہے، ایف اے ٹی ایف کو سیاست کی نذر حکومت کررہی ہے، خدارا پاکستان کی سلامتی اور خلاف پر سیاست نہ کریں، جلد اپوزیشن کی اے پی سی کی تاریخ کا اعلان کریں گے جس سے سلیکٹڈ حکومت کو گھر بھیجا جائیگا۔ ہفتہ میڈیا سے گفتگو سے کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا کہ دو دن سے مسلسل وزیراعظم عمران خان سمیت کرائے کے ترجمان اور ریلو کٹوں کو کوئی پرواہ نہیں کہ عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہوں، دو سالوں میں ریکارڈ قرضے لینے والے این آر او این آر او کی رٹ لگائے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صبح سے شام تک جھوٹ کے سوا کچھ بھی نہیں بولا جارہا ہے، دو سال سے پی آئی ڈی میں کاغذات لہرائے جاتے ہیں مگر سپریم کورٹ میں وہ جیلے کی کرپشن نہ ثابت کرکے درخواست نیب واپس لے لیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم نواز شریف کے تین سال کے پراجیکٹس پر یہ تختیاں لگا رہے ہیں مگر ایک روپے کی کرپشن ثابت نہیں کرسکے۔

شال بقیہ 13

ہوکر اتحاد بین المسلمین کا مظاہرہ کریں آج اسی تسلسل میں کوئٹہ سٹی تھانہ میں پولیس آفسران اور کوئٹہ کے رہائشی ہوٹلوں کے منیجرز کا اجلاس ہوا، انجمن تاجران بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اللہ داد ترین نائب صدر حاجی اسلم نے شرکت کی اجلاس میں ساتویں اور دسویں محرم کے جلوس کے حوالے سے تبادلہ خیال ہوا اجلاس کو حاجی اللہ داد ترین نے بتایا کہ ساتویں اور دسویں محرم کے جلوس کے راستے میں سیلنگ کے دوران بند دکانوں کو چیک کرنے میں مشکلات پیش آتی ہیں اور دکاندار کی عدم موجودگی کے باعث مجبوراً ہمیں تالے توڑنے پڑتے ہیں اس سلسلے میں دکانداروں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ چھٹی محرم کو بعد نماز ظہر اور نویں محرم کو صبح گیارہ بجے کے بعد دکانوں پر موجود رہیں اور یہ بھی فیصلہ ہوا کہ جلوس کے روٹ میں آنے والے تمام دکاندار اپنے سائن بورڈ پر اپنا موبائل فون نمبر ضرور لکھیں تاکہ کسی وجہ سے ضرورت پڑنے پر دکاندار سے رابطہ کیا جاسکے ہوٹلوں کے حوالے سے فیصلہ کیا گیا کہ وہ سیف سٹی پروگرام کے حوالے سے ہوٹلوں میں آئی پی کیمرے نصب کریں گے اور یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ اس حوالے سے سیف سٹی پروگرام کے ذمہ داران کے ساتھ ہوٹل ایسوسی ایشن کے عہدیداران کی میٹنگ منعقد کرائی جائیگی جس میں حتمی فیصلہ کیا جائیگا۔

شال بقیہ 14

صبر جمیل کی توفیق نصیب عطاء فرمائے۔ صوبائی وزیر حاجی خان محمد لہڑی نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میر حاصل خان بزنجو کہنہ مشق سیاستدان تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی عوام کی آواز بننے اور ان کی نمائندگی میں گزارے۔ وہ تحمل مزاجی، سنجیدہ اور ذمہ دارانہ سیاست کے پیروکار تھے اپنے والد بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کے نقش کے قدم پر چل کر انہوں نے سیاست کے میدان کارزار میں طویل عرصے تک جدوجہد کی وہ بلوچستان میں سیاست کے اہم ستون سمجھے جاتے تھے، ہمیشہ قومی اتحاد و اتفاق اور وفاق کی مضبوطی کی بات کی۔ ان کی رحلت سے نہ صرف بلوچستان کے عوام بلکہ پوری قوم ایک تجربہ کار و منجھے ہوئے سیاستدان سے محروم ہوگئی ہے ان کے غلامتوں پر نہیں ہوسکے گا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ میر حاصل خان بزنجو کو درجات بلند اور ان کے پسماندگان، سیاسی کارکنان اور عقیدت مندوں کو صبر جمیل کی توفیق عطاء فرمائے۔

شال بقیہ 15

سے عوام کو اب بیوقوف نہیں بنا سکتے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نواز شریف پنجاب حکومت کی درخواست پر قانونی طریقے سے علاج کرانے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی سیاست نواز شریف سے شروع اور نواز شریف کے نام پر ختم ہوتی ہے کیونکہ کارکردگی صفر اور کرپشن تاریخی۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب اپنی کرپشن اور نالائقی چھپانے کیلئے نواز شریف کے خلاف بیان دینا شروع کردیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب آپ کو اپنی نالائقی اور کرپشن چھپانے کیلئے نواز شریف کے نام کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب عوام کی خدمت اور کارکردگی پہ بھی اپنی ٹیم کو "گو سلو پالیسی" ترک کرنے کی ہدایت کریں، عمران صاحب مہنگائی کو 13 فیصد سے تین فیصد کم کرنے کے انتظامات تیز کرنے کی ہدایت کریں، عمران صاحب عوام کو ایک کروڑ نوکری اور پچاس لاکھ گھر دینے کے انتظامات تیز کرنے کی ہدایت کریں۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب عوام کو روزگار اور روٹی مہیا کرنے کیلئے تمام متعلقہ آپشنز استعمال کرنے کی ہدایت کریں۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب چینی 110 روپے سے 52 روپے کرنے کیلئے بھی اجلاس بلائیں، عمران صاحب آٹا 78 روپے سے 33 روپے کرنے کے لئے بھی متعلقہ آپشنز استعمال کرنے کی ہدایت کریں، عمران صاحب جہانگیر ترین کو لندن سے بلانے کیلئے متعلقہ قانونی آپشنز استعمال کرنے کی ہدایت کریں۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب 23 فارن فنڈنگ، 13000 ارب کا قرضہ، مالم جبہ، بلین ٹری سونامی، چینی، آٹا اور پٹرول چوری کیلئے کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کریں، عمران صاحب بی آر ٹی کے 126 ارب کے گھڑوں کی تحقیقات کا حکم دیتے۔

شال بقیہ 16

سیاست پر فدا ہو کر کے گئے ہیں، سپریم کورٹ نے چار ہفتوں میں ریلوے کی ری سٹرکچرنگ کی ہدایت کی ہے جس پر عمل کیا جائے گا، ایم ایل ون انقلاب اور گیم چینجر ہے اور اگلے ہفتے اس کا ٹینڈر ہوجائے گا، آئی ایم ایف کی اس منصوبے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی، فریٹ ٹرینوں کے لئے آن لائن بکنگ سسٹم شروع کرنے کررہے ہیں اور ڈیجیٹل سسٹم میں لائیں گے، 25 اگست سے شالیمار ایکسپریس کی بکنگ میں دس فیصد کرائے میں کمی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان عثمان بزدار کے ساتھ ہیں، اپوزیشن مردہ اور تھکی ہوئی ہے، ان کے رنگ پھیکے ہوئے ہیں، پلکوں میں کچرا اور انجن دھواں دے رہا ہے اس لئے یہ کوئی تحریک نہیں چلا سکتے۔ مولانا فضل الرحمان مولوی لاسکتا ہے لیکن اب مدرسوں والوں کو بھی معلوم ہوگیا ہے کہ یہ وقت کا ضیاع ہے۔ انہوں نے اس سوال کہ تحلی، اولی تکنری، رنگ آتو اپوزیشن کو اگر ہی ایچ کیو کا گیٹ نمبر پانچ مل جائے تو اس کے جواب میں شیخ رشید نے مسکراتے ہوئے کہا کہ ہم پہلے ہی وہاں بیٹھے ہوئے ہیں انہیں کیوں مل جائے گا؟۔

شال بقیہ 17

دنوں میں جتنا جلدی ممکن ہو سکے یہ ٹیکہ لازمی لگایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ شیخ ایک موذی مرض ہے جو جان لیوا بھی ثابت ہوسکتا ہے اس مہلک بیماری سے بچاؤ کیلئے لسیلہ میں چھ روزہ قومی مہم 24 اگست بروز پیر سے شروع ہوگی جو 29 اگست بروز ہفتہ تک جاری رہے گی اس مہم کے دوران 15 سے 49 سال تک کی خواتین کو ٹیکے لگائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ خواتین پہلا ٹیکہ ایک ماہ بعد اور دوسرا ٹیکہ چھ ماہ بعد لگوائیں تاکہ زچہ و بچہ صحت مند رہیں ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے کہا کہ اس مہم کے دوران دو سال کے بچوں کو کالا یرقان، شیخ، اسہال، ٹی بی، کالی کھانسی، پولیو، خناق، کزون توڑ بخار اور خسرہ کے ٹیکے لگائے جائیں گے اس مہم میں میری معاشرے کے ہر فرد سے درخواست ہے کہ وہ اس قومی مہم میں محکمہ صحت کے اہلکاروں سے بھرپور تعاون کریں اور قومی مہم کو کامیاب بنانے کیلئے محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا جائے تاکہ لسیلہ میں شیخ سمیت دیگر بیماریوں کے خاتمے میں مدد مل سکے اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر محمد یعقوب روگھو، ای پی آئی کے ضلعی کوآرڈینیٹر غلام نبی بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 18

سرٹیفکیٹ کی اجراء میں تاخیر ہورہی ہے۔ جس کی وجہ سے طلباء اپنے داخلوں پر کافی پریشان ہے۔ طلباء کے والدین جلال خان، سبین خان، سلطانین حیدر، حیات اللہ، سردار احمد نے صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند، وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود اور ڈائریکٹر ایچ ای سی سے اس بارے نوٹس لے۔ اور ایچ ای سی کی تاریخ میں توسیع کا مطالبہ کیا ہے۔ تاکہ کرونا کی وجہ سے رزلٹ کی تاخیر میں دشواری پیش آئی۔ اور اب ایچ ای سی کی داخلہ اور یونیورسٹیز کی مختصر مدت میں طلباء اپنا داخلہ لینے میں دشواریاں پیش آرہی ہے۔ ایچ ای سی اور یونیورسٹیز کو چاہئے کہ وہ اپنا داخلہ کی تاریخ میں توسیع کرے تاکہ طلباء اور والدین کی پریشانیاں دور ہو۔

شال بقیہ 19

کہ ملکی تاریخ کی کمزور ترین حکومت نے عوامی مسائل کو حل کرنے کی بجائے انہیں مزید بحرانوں سے دوچار کر رکھا ہے ملک اور بالخصوص بلوچستان میں چیک اینڈ بیلنس کا نظام مفلوج ہوچکا ہے مافیاء اپنی من مانیوں میں مصروف عمل ہے عوام کو مہنگے داموں اشیاء بیچنے، ذخیرہ اندوزی اور اب چینی میں کمی کا عمل روز دھڑلے سے جاری ہے لیکن انتظامیہ اور حکومت بے بسی کا شکار دکھائی دیتی ہیں اور کسی بھی قسم کی کارروائی کرنے سے قاصر ہیں، انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے دیگر علاقوں میں پیٹرول پمپس پر چینی سے کم پیٹرول فراہم کرکے عوام کو روزانہ نقصان پہنچایا جارہا ہے لیکن عوامی شکایات کے باوجود بھی انتظامیہ پیٹرول پمپ مالکان کے خلاف کارروائی نہیں کررہی انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کو متحرک کرکے پیٹرول پمپس پر جاری لوٹ مار کا سلسلہ بند کروایا جائے۔

شال بقیہ 24

زور پر ان سے پچاس ہزار نقد، قیمتی موبائل چھین کر فرار ہوگئے۔ اوستہ محمد میں بدامنی سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ہورہا ہے کیونکہ ایس ایچ او مقبول جمالی بلوچستان کے حکم کے تحت آیے لیکن ایسے پولیس افسران ہیں جو اس ایس ایچ او کے نکالنے کے چکر میں ہیں تاکہ وہ تعینات ہوں۔ شہر میں بدامنی کی وجہ سے شہری تنگ ہیں پریشان ہیں۔ اس کے علاوہ ای آئی اے پولیس کے انچارج کا کوئی کردار نہیں کے اس لیے سی آئی کا تبادلہ کیا جائے یا سی آئی اے کو کلوز کیا جائے تاکہ نفری بڑھائی جائے۔

شال بقیہ 25

صرف اور صرف اسلامی نظام چل سکتا ہے اسلامی آئین پر عمل نہیں ہورہا۔ عدالت، سیاست، معیشت سمیت ہر طرف دین سے دوری اور سودی نظام کی طرف جارہے ہیں جس کی وجہ سے تباہی و بربادی اور مسائل کے دلدل میں پھنس گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقتدر قوتوں نے عوام کو صرف لولی پاپ سے ٹرخایا ہے فائل پہ جس حکمرانوں اور بار بار حکومتوں میں شامل پارٹیوں نے وعدوں، بے عمل اعلانات اور جذباتی تقاریر سے بڑے بڑے مسائل حل کرنا چاہتے ہیں جو ممکن نہیں۔ اقوام متحدہ میں اچھی تقریر کے بعد کشمیر سے یوٹرن نے کشمیری عوام کے زخموں پر نمک پاشی کی ہے۔

شال بقیہ 26

دو موٹر سائیکلیں برآمد کرکے چار ملزمان گرفتار کرلئے جن میں یونس وزیر صابر اور خالد شامل ہیں گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کے تفتیش شروع کردی۔

شال بقیہ 27

شماریات نے مہنگائی کے حوالے سے ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق مہنگائی مزید صفر اعشاریہ 96 فیصد بڑھ گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ہفتے 20 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، چینی کی قیمت میں اضافے کا سلسلہ تاحال جاری ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ہفتے میں چینی کی اوسط 40 پیسے فی کلو مہنگی ہوئی، جو 95 روپے 67 پیسے سے بڑھ کر اوسطاً 96 روپے 7 پیسے فی کلو ہوگئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق بجلی چارجز فی یونٹ 36 پیسے بڑھ گئے، برائلر مرغی ساڑھے 5 روپے فی کلو مہنگی ہوئی جبکہ ٹماٹر کی قیمت میں ڈیڑھ روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

شال بقیہ 28

سرکاری زمینوں کو قبضہ کیا ہے میرے دور حکومت میں کوئی نہ زمینوں کو قبضہ کرے گا نہ ہی نوکریوں اور اسکیموں کو پیسوں میں خریدے گا۔

شال بقیہ 39

وقت میاں نواز شریف نے مان لی ہوتی تو یہ اہل حکومت اب تک ہم پر مسلط نہیں ہوتی ہم نے نواز شریف سے کہا کہ اسمبلی کا حلف نہ لو جسکا آج میاں نواز شریف کو بھی غلطی کا احساس ہوگیا یہ حکومت غیر آئینی اور غیر جمہوری ہے جسے کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ جلد اور فوری طور پر اجلاس طلب کیا جائے لیکن پی پی اور مسلم لیگ ن اگے آنے میں ہچکچا رہے ہیں یہ وقت ہے کہ دونوں بڑی پارٹیاں کھل کر حکومت کے خلاف میدان میں نکلیں انہوں نے کہا کہ حکومت اسرائیل کو تسلیم کرنے جارہی ہے جسکی بھرپور مخالفت کرتے ہوئے حکومت کی اینٹ سے اینٹ بجادینگے ہم یو ای اے کے اسرائیل سے ہونے والے معاہدے کی بھی شدید مذمت کرتے ہیں اور اسے امت مسلمہ کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کی امریکی سازش قرار دیتے ہیں۔

شال بقیہ 40

معاملات کو بالائے طاق رکھ کر وطن واپس آنا چاہئے۔ دو ہفتہ کے روز اپنی رہائشگاہ جامع مطلع العلوم نجی چینل اور مختلف وفود سے گفتگو کررہے تھے۔ حافظ حسین احمد نے کہا کہ عمران خان اور ان کے وفاقی وزراء مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کا مولانا فضل الرحمن، بلاول بھٹو زرداری اور دیگر رہنماؤں سے رابطے پر شاید اس لیے پیچ پا ہیں کیوں کہ انہوں نے خاموش رہنے اور سیاست میں حصہ نہ لینے کی شرط پر بعض رہنماؤں کو این او سی دی تھی۔

شال بقیہ 41

مہارت، فارنسک کی مہارت، بم ڈسپوزل ٹریننگ کے اقدامات شامل ہیں، رواں مالی سال کے دوران لیویز فورس کی تنظیم نو اور بہتری کے لیے 1117 ملین روپے رکھے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ لیویز فورس میں قائم کیے گئے نئے انٹیگریٹڈ یونٹس کے لیے ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں کثیر المقاصد رہائشی منصوبے کے لیے 700 ملین روپے جبکہ لیویز چیک پوسٹوں اور لائنز کی تعمیر و مرمت کے لیے 400 ملین روپے سے ترقیاتی منصوبے جاری ہیں۔

شال بقیہ 42

روزگار ملے گا بلکہ چمن اور کوئٹہ سمیت پورے صوبے میں تجارت کے فروغ میں بھرپور اضافہ ہوگا انہوں نے کہا کہ بارڈر کی طویل بندش کی وجہ سے چمن سمیت کوئٹہ میں بھی ہزاروں افراد بے روزگار ہوئے اور تجارتی سرگرمیوں کو شدید دھچکا لگا تاہم اب بارڈر کھولنے کے اعلان سے نہ صرف تاجروں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی بلکہ مایوسی اور بددلی کی فضاء بھی ختم ہوگئی انہوں نے بارڈر بندش کیخلاف جدوجہد کرنے پر چمن کی تاجر تنظیموں مزدور تنظیموں سیاسی و مذہبی جماعتوں کو دلی مبارکباد دی انہوں نے کہا کہ اے این پی نے بھی اس ضمن میں انتہائی مثبت کردار ادا کیا اور بھرپور جدوجہد کی انہوں نے وفاقی وزیر شہریار آفریدی کی کوششوں کی بھی تعریف کی انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ بارڈر کھلنے سے تجارتی و معاشی سرگرمیوں میں بھرپور تیزی آئیگی اور صوبے اور ملک کی اقتصادی حالت بہتر ہوگی۔

شال بقیہ 43

کے بجٹ میں 78.638 ملین روپے کی بچت اور اب سال 2020-2019 کے دوران 43.751 ملین روپے کی بچت کی گئی ہے۔ عوام کے ٹیکسوں کے پیسوں کی حفاظت جاری رکھیں گے۔

شال بقیہ 44

عبدالغفور محمد حسنی سمیت دیگر قبائلی رہنماؤں اور علاقے کے

حکومت میں شامل وزراء تو مزے کر رہے ہیں، لشکری رئیسانی

کسی ادارے سے انصاف کی توقع نہیں، صوبے کے لوگ اپنے حقوق کیلئے جدوجہد کرتے ہوئے جبراً ناانصافیوں قتل وغارت گری کا مقابلہ کررہے ہیں

سات دہائیوں سے بلوچستان کے لوگ اپنے حقوق کیلئے جدوجہد کرتے ہوئے تمام تر جبراً ناانصافی قتل وغارت گری کا مقابلہ کررہے ہیں' احتجاجی مظاہرے سے خطاب

ڈپٹی اللہ یار مصوبائی وزیر میر عمر خان جمالی سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں دورہ کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ کسی ادارے سے انصاف کی توقع نہیں، صوبے کے لوگ اپنے حقوق کیلئے جدوجہد کرتے ہوئے جبراً ناانصافیوں قتل وغارت گری کا مقابلہ کررہے ہیں۔ ہمیں حیات بلوچ کے خون کو انصاف، تعلیم، ترقی کا سیلاب بنا کر جبر، ظلم اور نام نہاد نمائندگی کا دعویٰ کرنے والوں کو بہا کر لے جانا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتے کے روز کوئٹہ پریس کلب کے سامنے کراچی یونیورسٹی کے طالب علم حیات بلوچ کے قتل کیخلاف طلباء، تنظیموں کے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مظاہرے سے چیئرمین بی ایس او نذیر بلوچ، صوفی عبدالخالق، مزمل، ہادیہ انور، باچا، جلیلہ حیدر، اور گلچین، ڈاکٹر مارنگ بلوچ، حسینہ قمبرانی، کبیر افغان، زبیر شاہ، جان بازمری ودیگر نے

تفصیل نمبر 36 صفحہ 3 پر

محرم کا مہینہ ہمیں برداشت اور حق پر ثابت قدم رہنے کا درس دیتا ہے' حافظ محمد قاسم کاکڑ

عشرہ محرم میں ماتمی جلوسوں کے حوالے سے تمام تر انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے

علماء کرام پر بھی لازم ہے کہ وہ اپنے خطبات میں امن پیار محبت اور ثابت قدمی کا درس دیں

نصیر آباد (نامہ نگار) نمائندہ خصوصی ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ اے ڈی سی جلیل احمد، اسسٹنٹ کمشنر صدیق جمالی تحصیلدار بہادر خان کھوسہ کے ہمراہ مرکزی امام بارگاہ غوث بخش گولہ کا دورہ کیا اور تمام انتظامات کا جائزہ لیا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے باری شاخ میں مرکزی امام بارگاہ غوث بخش گولہ کا دورہ کیا اور جلوس کے روٹ کا بھی وزٹ کیا تحصیلدار تحصیل گوہر تگی ڈی ایس پی سرکل ارشاد احمد گولہ، ایس ایچ او محمد شوری غلام حیدر کھوسہ نے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

تفصیل نمبر 49 صفحہ 3 پر

قائرنگ کا واقعہ اور ایس ایچ او کی تصویری ٹھمکیاں ایک سوالیہ نشان بن چکا ہے' لیاقت خان ناصر

دکی (آن لائن) سینئر رہنما و تحریک جوانان پاکستان بلوچستان لیاقت خان ناصر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ قائرنگ کا واقعہ اور ایس ایچ او کی تصویری ٹھمکیاں ایک سوالیہ نشان بن چکا ہے انتظامیہ کیطرف سے تفتیشی روایات

تفصیل نمبر 48 صفحہ 3 پر

عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے' نصیر اللہ مری

صحت تعلیم سڑکوں کی تعمیر اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے پی ایس ڈی پی میں کروڑوں روپے کے ترقیاتی منصوبے شامل کئے ہیں

کوہلو میں کسی کو سرکاری زمینوں کو قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دینگے' ڈپٹی پارلیمانی لیڈر اسمبلی

کوہلو (این این آئی) رکن صوبائی اور پاکستان تحریک انصاف کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر اسمبلی میر نصیب اللہ مری نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو کا دورہ کیا اس موقع پر ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر کہور خان مری اور ایم ڈاکٹر اصغر نے رکن صوبائی اسمبلی کو ہسپتال کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی میر نصیب اللہ نے ڈی ایچ کیو کے تمام شعبہ جات کا معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں کی عیادت کی ہسپتال میں ادویات کی قلت پر ڈائریکٹر ایم ایس ڈی سے ٹیلیفونک

تفصیل نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ایکسائز ریجن کے صدر زاہد بلوچ انچارج کمپیوٹر سیکشن ایاز جمالی سے دفتری امور پر بات چیت کررہے ہیں

موضع راہوجہ شرقی خشکابہ کی زمینوں کو ہمارے کھاتوں کے مطابق تقسیم کیا جائے' ڈپٹی وطہر خان راہوجہ

جھل مگسی (نمائندہ خصوصی) گندواہ ڈپٹی وطہر خان راہوجہ نثار احمد، راہوجہ غلام مصطفیٰ راہوجہ نے اپنی برادری کے ہمراہ اپنے رہائش گاہ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ موضع راہوجہ شرقی خشکابہ کی زمینوں کو ہمارے کھاتوں کے مطابق تقسیم کیا جائے زمینیں تقسیم نہ ہونے کی وجہ سے قبضہ مافیا ہمارے آباؤ اجداد کی زمینوں پر قبضہ کررہے ہیں جس سے جھگڑے کا خطرہ ہے انھوں نے

تفصیل نمبر 52 صفحہ 3 پر

تشنج سے بچاؤ کے سلسلے میں حفاظتی ٹیکے لگانے کی مہم کے تیسرے مرحلے کے حوالے سے مہم کا آغاز 24 اگست سے ہوگا

مہم کے دوران 15 تا 49 سال کے تمام خواتین کو حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے' ڈاکٹر کہور خان مری

کوہلو (نامہ نگار) تشنج ایک جان لیوا بیماری ہے خواتین کو تشنج سے بچاؤ کے سلسلے میں حفاظتی ٹیکے لگانے کی مہم کے تیسرے مرحلے کے حوالے سے مہم کا آغاز 24 اگست سے ہوگا مہم کے دوران 15 تا 49 سال کے تمام خواتین کو حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے تشنج سے بچاؤ کیلئے حفاظتی ٹیکے خواتین کے لیے انتہائی مفید ہیں ان خیالات کا اظہار ڈی ایچ او ڈاکٹر کہور خان مری نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر ڈی ایس پی ڈی آئی میر اسماعیل مری، ایم ایڈمنسٹریٹر میر کلیم مری، ڈی ایچ او یوسف عاقل بلوچ اور ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر اشرف مری موجود تھے ضلعی ناظم صحت نے کہا کہ تشنج بیکٹیریا سے پھیلتے

تفصیل نمبر 57 صفحہ 3 پر

بروری روڈ اور گردنواح میں صفائی ناگزیر، مذکورہ علاقوں میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر

کرانی روڈ میں سورج لائن ناکارہ، گٹر ابل پڑا، سڑک پر گندا پانی ڈمپ، علاقوں کا کوئی پرسان حال نہیں' کاشف حیدری

کوئٹہ (این این آئی) سماجی کارکن کاشف حیدری نے کہا ہے کہ بروری روڈ اور گردنواح میں صفائی ناگزیر، مذکورہ علاقوں میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر، کرانی روڈ میں سورج لائن ناکارہ، گٹر ابل پڑا، سڑک پر گندا پانی ڈمپ، علاقوں کا کوئی پرسان حال نہیں۔ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کی کارکردگی شہر کے مین وسط اور مرکزی بازار تک قابل تعریف، لیکن علاقوں کے اندر میٹرو پولیٹن کارپوریشن کی کارکردگی کا نام ونشان نہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز جاری کردہ بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ متعدد بار میڈیا کی خبروں کے باوجود ہزارہ قبرستان میں کچرے کا مسئلہ جوں کا توں، صفائی کا مسئلہ ابھی تک حل نہ ہوسکا۔

کوئٹہ ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا ہنگامی اجلاس زیر صدارت چیئرمین ایکشن کمیٹی اخبار صنعت بلوچستان حاجی عبدالغفار لانگو منعقد ہوا

کوئٹہ کے بڑے سرکاری بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال میں بلڈ بینک کی حالت زار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے بڑے سرکاری بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال میں بلڈ بینک کی حالت زار، بلڈ بینک کی چھتیں ٹپکنے لگیں بدبو اور پانی جمع ہونے کی وجہ سے عملے کو مشکلات

تفصیل نمبر 63 صفحہ 3 پر

محکمہ صحت بلوچستان عوام کے صحت کی سہولیات دینے میں مصروف عمل ہے' ڈی ایچ او شبیر احمد مینگل

تشنج ایک انتہائی خطرناک جراثیم ہے جو 15 سال کی لڑکیوں اور 49 سالہ خواتین کو ہوتا ہے

لورالائی (آن لائن) ڈی ایچ او شبیر احمد مینگل نے اپنے دفتر میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت بلوچستان عوام کے صحت کی سہولیات دینے میں مصروف عمل ہے تشنج جیسی خطرناک مرض کے خاتمے کے لیے 15 سال سے 49 سال کی لڑکیوں اور خواتین کو تیسرے راؤنڈ

تفصیل نمبر 64 صفحہ 3 پر

عمران خان این آر او دینے کے بجائے این آر او لینے والے وزیر اعظم ہیں' حافظ حسین احمد

میاں نواز شریف کے لندن میں رہ کر ٹیلیفونک رابطوں سے اگر اتنی ہلچل مچ سکتی ہے تو انہیں تمام معاملات کو بالائے طاق رکھ کر وطن واپس آنا چاہئے

مخالفین کو این او سی دینے کے لیے سیاست نہ کرنے اور ملک سے باہر جانے کی شرط لگا کر جو کھیل مشرف دور میں کھیلا گیا وہی انداز اب بھی اپنایا جارہا ہے' مرکزی ترجمان جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی ترجمان و سابق پارلیمنٹرین حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ عمران خان این آر او دینے کے بجائے این آر او لینے والے پہلے وزیر اعظم ہیں، اپوزیشن حکومت کے خلاف جیسے ہی سرگرم ہوتی ہے تو یہ حرکت میں آجاتی ہے، ملتان بزدار کی نیب میں طلبی کے بعد عمران خان خود بزدار کے وکیل صفائی بنے بیٹھے ہیں، میاں نواز شریف کے لندن میں رہ کر ٹیلیفونک رابطوں سے اگر اتنی ہلچل مچ سکتی ہے تو انہیں تمام

تفصیل نمبر 40 صفحہ 3 پر

لاکھرا پی اے پی کے صوبائی رہنما میر تیمور سلیم دیگ بلوچستان گوٹھ لاکھرا میں سنگھور قبیلے کی معتبر شخصیت میر سردہ خان سنگھور کی وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

بلوچستان لیویز فورس میں عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ اصلاحات کئے جارہے ہیں، مجیب الرحمن قمبرانی

رواں مالی سال کے بجٹ میں اس مد میں 2 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، ڈی جی لیویز

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے صوبے کے امن وامان برقرار رکھنے کی ذمہ دار لیویز فورس کو جدید خطوط پر از سر نو تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے جس پر 8 ارب روپے لاگت کا تخمینہ لگایا گیا ہے رواں مالی سال کے بجٹ میں اس مد میں 2 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ یہ بات ڈی جی لیویز مجیب الرحمن قمبرانی نے بتائی، انہوں نے بتایا کہ بلوچستان لیویز فورس میں عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ اصلاحات کئے جارہے ہیں، جس میں لیویز فورس کی جدید خطوط سے ہم آہنگ تنظیم ونسق، ٹریننگ کے نصاب، ڈسپلنری ایکشن، بائیو میٹرک کے نفاذ، ویڈیو میپنگ ڈیٹا بیس، تفتیشی

تفصیل نمبر 41 صفحہ 3 پر

چمن بارڈر کھلنے سے تجارتی سرگرمیوں میں تیزی آئیگی، نصیر ترین

اے این پی نے بھی اس ضمن میں انتہائی مثبت کردار ادا کیا اور بھرپور جدوجہد کی

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران ضلع کوئٹہ کے صدر سر نصیر خان ترین آل مارکیٹ ایسوسی ایشن کے صدر حاجی شین گل سریانی حمید کاکڑ، حاجی عالم خان بزنجو، عبدالمالک ترین عمران انگوری، عثمان لیزی ظہور سمالانی اور دیگر نے پاک افغان بارڈر باب دوستی آمد ورفت کیلئے کھولنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے سے نہ صرف ہزاروں بے روزگار ہونے والے افراد کو

تفصیل نمبر 42 صفحہ 3 پر

نجی تعلیمی اداروں کی مزید بندش کا کوئی جواز نہیں ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

ریلیف نہ ملنے کے باعث پچاس فیصد ادارے بند ہوکر ہزاروں اساتذہ بے روزگار ہوچکے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مفتی عبدالغفور مدنی ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی سالار حافظ مجیب الرحمن خلیل حاجی قاسم خان غلجی محمد شاہ لالا حافظ سراج الدین مفتی نیک محمد فاروقی مولانا جمال الدین اختانی مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا سید سعد اللہ آغا مولانا محمد یاسر بازئی حاجی صالح محمد حاجی صادق الدین ایڈووکیٹ حاجی

تفصیل نمبر 46 صفحہ 3 پر

چمن ٹو کوئٹہ پسنجر ٹرین کا نام نشان تک نہیں، عوام مایوسی کا شکار

چمن (آن لائن) فریبوں کی سواری ابھی تک معطل کوئٹہ سے چمن تک چلنے والی پسنجر ٹرین گزشتہ 6 ماہ سے غائب ملک بھر کے پسنجر ٹرینوں کا آغاز ہوچکا ہے مگر چمن ٹو کوئٹہ پسنجر ٹرین کا نام نشان تک نہیں، عوام مایوسی کا اظہار تفصیلات کے مطابق چمن سے کوئٹہ تک جانے والی پسنجر ٹرین تا

تفصیل نمبر 47 صفحہ 3 پر

میر حاصل بزنجو کی زندگی کھلی کتاب کی مانند تھی' نواب ثناء اللہ خان زہری

میر حاصل بزنجو کی اس طرح رحلت اور دنیا سے کوچ کرجانا قوم کے لئے ناقابل تلافی نقصان ہے

خضدار (خ ن) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے پاپائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کے سیاسی جانشین وفرزند سینیٹر میر حاصل بزنجو کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے ان کی رحلت کو قومی سانحہ اور

تفصیل نمبر 50 صفحہ 3 پر

حیات بلوچ ایک پرامن بے گناہ طالب علم تھا، میر نذیر احمد بلوچ

حیات بلوچ کا قصور یہ تھا کہ وہ بلوچ اور قلم کتاب سے محبت کرتا تھا

پنجگور (این این آئی) جمعیت طلبہ پنجگور کی جانب سے حیات بلوچ کے قتل کیخلاف ایک پرامن ریلی نکالی گئی ریلی ماڈل چوک سے شروع ہوکر مقامی اخبار کے دفتر کے باہر جلسہ کی شکل اختیار کرگیا ریلی میں خواتین نے بھی شرکت کی شرکاء نے حیات بلوچ کو انصاف دو کے نعرے لگائے ہاتھوں

تفصیل نمبر 51 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ڈپٹی کمشنر اور تگزیب بادینی تشنج سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے جات کا افتتاح کررہے ہیں

محرم الحرام کے دوران سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کررکھے ہیں' پرویز خان عمرانی

پولیس کی جانب سے محرم الحرام کے موقع پر سیکورٹی پلان پر عمل درآمد تسلی کے ساتھ جاری ہے

اوتھل (نامہ نگار) محرم الحرام پولیس سیکورٹی پلان تشکیل، ایس ایس پی لسبیلہ پرویز خان عمرانی نے محرم الحرام کے سلسلے میں سیکورٹی پلان تشکیل دے دیا جو کہ دو محرم الحرام تا 8 تک ہوگا اور 9 محرم الحرام کو دوبارہ ایک نیا پلان تشکیل دیا جائیگا اور سیکورٹی اہلکاروں کے کارڈ بھی جاری کیے جائیں گے۔ ایس ایس پی لسبیلہ نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کررکھے ہیں۔ کسی کو شرپسندی کی اجازت نہیں دیں گے۔ پولیس کی جانب سے محرم الحرام کے موقع پر سیکورٹی پلان پر عمل

تفصیل نمبر 55 صفحہ 3 پر

میر حاصل خان بزنجو کی وفات سے صوبہ بلوچستان ایک عظیم سیاست دان سے محروم ہوگیا، مولانا علی محمد ابوتراب

بلوچ قوم اور صوبے کیلئے انکی گران قدر خدمات ہیں جس پر ہم انکو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی جمعیت اہلحدیث کے صوبائی امیر مولانا علی محمد ابوتراب، سیکرٹری جنرل مولانا عبدالحق ضامرانی نائب امیر مولانا عبدالرزاق خارانی سیکرٹری اطلاعات مولانا عصمت اللہ سالم مولانا زکریا ڈاکٹر نجیب اللہ عابد حاجی عبداللہ تربت مولانا فضل الرحمن بشیری حاجی عطاء اللہ موسود ودیگر عہدے داران نے سینیٹر میر حاصل خان بزنجو کی ناگہانی وفات پر رنج وغم کا اظہار کیا۔

کوئٹہ کے بڑے سرکاری ہسپتال میں ڈاکٹرز کی ہڑتال، مریض رلنے لگے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے بڑے سرکاری ہسپتال میں ڈاکٹرز کی ہڑتال، مریض رلنے لگے، ڈاکٹرز کی ہڑتال کے باعث مریض ہسپتال کے باہر رلنے لگے، ہسپتال کے باہر مریض ڈاکٹرز کی ہڑتال کے باعث